مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

فروری 2017ء

تحفہ روحانیات

روحانی ماہنامہ

پلوٹو میں چھپے راز

حروف صوامت اور اعمال کرہن

لوح ثانی وطلسماتی خاص

چاند اور سورج کرہن

زبان بندی کا نایاب عمل

کرہن، خواب بندی کا عمل

زبان بندی کا نایاب عمل

سردی میں گرم سیاست

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

لوح ہمزاد

بدقسمتی اور سیارگان کی گردش کی وجہ سے آپ کے ہر کام میں رکاوٹ ہو بنا بنایا کام عین وقت پر بگڑ جاتا ہو یا آپ اپنے آپ کو دُنیا کا بدقسمت ترین شخص تصور کرتے ہوں۔ مدمہ بازی کی وجہ سے پریشان ہیں یا دشمنوں کے غلبہ کی وجہ سے زبان نہیں کھول سکتے۔ گھر میں بیماریاں ہیں یا آسیب یا تعویزات کے اثرات کا وباری بندش ہے یا بے برکتی یا پھر بے روزگاری کا شکار ہیں۔ قرض ادا نہ ہوتا ہو یا گھر میں لڑائی جھگڑا اس قدر ہو کہ گھر جنت کی بجائے جہنم لگتا ہو۔ نکاح کی بندش ہو یا کسی بھی قسم کے جادو کے اثرات ہوں" **لوح ہمزاد**" بنوا کر پاس رکھنے سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے آپ کا ہمزاد حاضر ہو کر آپکے کاموں میں غیبی طور پر مدد کر رہا ہوتا ہے یہ غیبی طاقت اس لوح کے پاس رکھنے کی وجہ سے حیرت انگیز طور پر آپ کی راہنمائی کرتی ہے اور وہ مسائل یا پریشانیاں جو آپ کو دیمک کی طرح چاٹ رہی تھیں ختم ہو جاتی ہیں۔ اس لوح کے اثرات کبھی ضائع نہیں ہوتے۔ پرائز بانڈ کے نمبروں کے شائقین حضرات کے لئے یہ ایک لاجواب تحفہ ہے۔ جس کے ذریعے اُن کا ہمزاد غیبی طور پر نمبروں کے بتانے کے سلسلہ میں اُن کی مدد کرتا ہے یہ ایک معجزاتی لوح ہے۔ لوح ہمزاد، راخاندانی صدیوں پرانا عمل ہے اس کرشماتی معجزہ کو آزمانے کے لئے اپنی مشکلات مفصل طور پر لکھیں اور لوح کا ہدیہ **2100** روپے منی آرڈر کریں۔

نگینہ حاضرات

عملیات کی دُنیا میں بہت سے لوگوں کی خواہش ہوتی ہے کہ اُن کے پاس کوئی مضبوط حاضرات ہو جو کہ اُن کے سوال کا 100 فیصد جواب دے سکے اس کے علاوہ مشکل امور میں مدد کر سکے نگینہ حاضرات کی مدد سے 100 فیصد حاضرات ظہور میں آتی ہیں جو کہ عامل کی ہر بات کا جواب دیتی ہیں۔ عزت، مال، دولت، شہرت، تسخیر محبوب، دفع بیماری بے اولادی کا خاتمہ، اور اس کے علاوہ آپ کی ہر جائز خواہش کے مطابق اللہ کے حکم سے اسباب پیدا کر دیتی ہیں۔ یہ نگینہ آپکی کامیاب زندگی کی علامت ہے اور بہت مشکلات میں آپ کے لئے آسانیاں پیدا کرتا ہے۔ جس کا آپ کے پاس ہونا لازمی ہے۔

ہدیہ نگینہ حاضرات 2700 روپے

لوح فتح

دنیاوی پریشانی چاہے کسی بھی قسم کی ہو لوح فتح کی برکت سے چند منٹوں میں ہی ختم ہو جاتی ہے اس لوح کے پاس رکھنے سے مقدمات سے چھٹکارہ، مالی آسودگی، روزگار میں ترقی، قرض سے نجات، جسمانی صحت، گھریلو لڑائی جھگڑے سے نجات، من پسند شادی، حصول اولاد، دفع بندش کاروبار، غلبہ دشمن حاصل ہوتا ہے علم جفر کی اس معجزاتی لوح کی برکت سے کوئی ایسا کام نہیں کہ جس میں تاخیر ہو اس لوح کو عرصہ دراز سے آزمایا جا چکا ہے کہ جس کی برکت سے چند ہی دنوں میں بے شمار خوشیاں حاصل ہو جاتی ہیں۔ قدرت کا یہ ایک انمول تحفہ ہے۔ اپنی مشکلات اور پریشانیاں جوابی لفافہ کے ہمراہ نام مع والدہ کے ادارہ کو ارسال کریں جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ادارہ روحانیات میں تیار کی جانے والی تمام الواح ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل صاحب اپنے دست مبارک سے تیار کرتے ہیں۔ ہدیہ لوح فتح **4100** روپے

0300-6351192

لوح تسخیر موکلات و جنات

اس لوح مبارک کی برکت سے چند ہی دنوں کے مختصر وظیفے سے مؤکلات و جنات کی تسخیر ہوتی ہے اور عامل کی روحانی قوتوں میں بے انتہاء اضافہ ہوتا ہے اس لوح سے آپ ہر قسم کی حاضرات بھی کروا سکتے ہیں اس کے علاوہ یہ لوح تسخیر خلق کیلئے بے انتہا کار آمد ہے شائقین روحانیات کے لئے انمول تحفہ ہے۔

ہدیہ لوح 2700 روپے

منی آرڈر ارسال کرنے کیلئے: ادارہ روحانیات نزد فرنیچر ہوٹل، چشتیاں

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

جلد نمبر 12 فروری 2017ء شمارہ نمبر 8

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر
ماہر روحانیات
شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین	ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی۔

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے ایکسپریس نیوز چینل (ریذیڈنٹ ایڈیٹر روزنامہ ایکسپریس) عابد کمالوی ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ

ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر)۔ بابا صدف انبالوی، منظور علی سموں، ماسٹر شوکت علی بروہی

علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی، زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس پیاسی، سبط حسن جعفری

لیگل ایڈوائزر

محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
حمد باری تعالیٰ	3	آسان مجرب عملیات	21
جنات کی روحانی واردات	4	مجربات قریشی	22
سردی میں گرم سیاست	6	مجرب اعمال	23
پلوٹو میں چھپے راز	8	عملیات حروف تہجی	24
ستاروں کی چال وظیفے کا کمال	10	مجرب حاضرات	26
رجال الغیب کیا اور انکی سمتیں	12	نایاب الرمل	27
حروف صوامت اور اعمال گرہن	13	استخارہ برائے لکی نمبر	30
چاند اور سورج گرہن	14	گاجر، سبزیوں کی افادیت	31
لوح ثانی و طلسماتی خاص	15	یہ ماہ کیسا رہیگا؟	33
شرف قمر کا طلسمی نقش	16	حکومتی پرائز بانڈ نتائج	39
زبان بندی کا نایاب عمل	17	فروری کے لکی نمبر	41
دعائے سیفی عمل مجرب	18	پیغامات	44
گرہن، خواب بندی کا عمل	20	آپکی ڈاک	45

قیمت فی شمارہ 60 روپے

بیرون ممالک سالانہ خریداری

انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے

یورپ، فار ایسٹ 4000 روپے

امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبر شپ 7201 روپے مع ڈاک خرچ

آفس

ادارہ روحانیات

نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ

0300-6351192

0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے مزمل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

ملتان مابہ جنت اعلیٰ برابر است ۔ آھستہ پابنہ کہ ملك سجدہ می کنند

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار "اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ مُحَمد بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہو جائے گی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فرید الدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔

آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا "میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

جمادی اول، زکات سورۃ مزمل

نوچندا تو ار کو قبل نماز فجر سورۃ مزمل 21 بار ہر 7 بار پڑھنے کے بعد درود تاج 1 بار پڑھا جائے۔ اس زکات کی مدت 21 یوم ہے اس کی برکت سے زیارت نبی کریمؐ دوران ادائیگی زکات ہوتی ہے اور جب بھی کوئی مشکل ہو درج بالا طریقہ کے مطابق صرف 7 یوم سورۃ مزمل پڑھی جائے تو مشکل حل ہو جاتی ہے۔ مداومت عمل 7 بار روزانہ ہے۔ دوران عمل ہر سوموار کا روزہ رکھیں بہتر ہے کہ سحری و افطاری میں 7 کھجوروں پر اکتفاء کیا جائے یعنی 7 کھجور سحری میں اور 7 کھجور افطاری میں استعمال کی جائے اس کے علاہ پانی پینے کیلئے سنت کا پیالہ استعمال کریں اور کچھ نہیں کھانا پینا۔

حمد باری تعالیٰ

تو خالق و ستار ہے رحمان ہے یارب
بندوں کی خطا پوشی تیری شان ہے یارب
ہر عیب سے تو پاک ہے تیرا نہیں ہمسر
ہر مسلم و مومن کا یہ ایمان ہے یارب
ماں باپ سے بھی بڑھ کے تجھے پیار ہے ہم سے
بندوں پہ کرم تیرا ہر اک آن ہے یارب
ہر ذرۂ خاکی تیری قدرت کا ہے شاہد
کونین کی ہر شے تیری پہچان ہے یارب
محبوب ہدایت کے لیے خلق کو بخشا
یہ سب سے بڑا خلق پر احسان ہے یارب
لکھتا ہے تیری حمد یہ ناچیز سکندر
یہ تیرا کرم ہے تیرا فیضان ہے یارب

قسط 32 جنات کی روحانی واردات

تحریر: ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

محترم قارئین کرام! جنات سے متعلقہ سلسلہ جاری ہے گزشتہ اقساط میں جنات کی روحانی واردات بارے ذکر کیا اس کے علاوہ جناتی مریضوں پر مسلط جنات سے چھٹکارہ اور ان کے علاج بارے میں تحریر کیا گیا عموماً جنات کا عمل دخل عموماً ہماری عملی زندگی میں رہتا ہے۔ ان کی کئی اقسام ہیں۔ بیشمار قبائل ہیں جن میں کچھ منفی رویہ اور شریر طبیعت کے مالک جنات شامل ہوتے ہیں اس کے برعکس کچھ قبائل ایسے ہیں جو کہ خوش طبیعت انسان دوست ہوتے ہیں۔ کچھ جنات کو با آسانی مسخر کر لیا جاتا ہے اور چند قبائل کے جنات کی تسخیر بہت مشکل یا ناممکن ہوتی ہے جس طرح انسانوں میں اقسام یا ذات پات موجود ہیں۔ بالکل اسی طرح جنات میں بھی یہ تقسیم ہے۔ ایک دلچسپ واقعہ قارئین کی معلومات کیلئے پیش کر رہا ہوں تاکہ اندازہ ہو سکے کہ جنات اب بھی تسخیر کئے جا سکتے ہیں اور اُن سے کام لیا ممکن ہے۔

چند سال قبل 24,25 سال کی عمر کا ایک لڑکا آیا، انتہائی پریشانی کی حالت میں تھا اس نے بتایا کہ مجھے ایک بزرگ نے اپنی زیر نگرانی جنات کی تسخیر کا عمل کروایا وہ بزرگ جب تک حیات تھے مجھے کوئی پریشانی نہ ہوئی۔ اب جب کہ وہ دُنیا سے پردہ کر گئے میں برباد ہو گیا۔ 21 سال کی عمر میں میں نے یہ چلہ کیا جس کے نتیجہ میں مجھے روشنی کا ایک سرخ گولہ نظر آیا وہ اپنی بات میرے دل و دماغ میں ڈال دیتا تھا عموماً میرے ساتھ رہتا میرے کہنے پر یا اشارے پر کسی بھی انسان یا جانور میں داخل ہو سکتا تھا۔ جب کسی انسان میں داخل ہوتا تو اُسے تکلیف دیئے بغیر مجھ سے انسانی آواز میں بات چیت کرتا لیکن جب کوئی ایسا جسم میسر نہ آتا تو میرے کاندھے اور سر بھاری ہو جاتے اور اپنی بات میرے دل و دماغ میں ڈال دیتا۔ دراصل میرا شوق لکی نمبر کا تھا یہ جنات کی ایسی قسم تھی جو کہ لکی نمبر کے بارے میں با آسانی بتا سکتی تھی حکومتی پرائز بانڈ کے سلسلہ میں میری مدد کرتا اس کے بتائے گئے نمبرات میں دوستوں کو دیتا جو کہ آئندہ ڈرا میں بالکل درست آتے اس وجہ سے میرے حلقہ احباب میں بہت عزت ہوتی پھر کئی بار یہ نمبرات میں نے خود بھی خریدے اس جن کا کہنا ہوتا تھا کہ میں نماز اور روزہ کی پابندی رکھوں، پاک صاف رہوں، باوضو رہوں، زیادہ سے زیادہ انسانیت کی خدمت کروں، اسی بات کو دیکھتے ہوئے میں نمازی ہو گیا، بزرگوں کی صحبت ملنے لگی لیکن جب وہ بزرگ پردہ کر گئے وقت کے ساتھ ساتھ میری نماز بھی چھوٹ گئی پھر اس جن نے غلط نمبر بتانا شروع کر دیئے جس کا اثر یہ ہوا کہ لوگوں میں میری بدنامی شروع ہو گئی آہستہ آہستہ لوگ مجھ سے دور ہونا شروع ہو گئے۔ میں نے انہی نمبرات کی وجہ سے کچھ پلاٹ خریدے ہوئے تھے۔ مجھے نہیں معلوم کہ ایک ہفتہ تک میرے ساتھ کیا ہوتا رہا سب سے پہلے گھر میں رکھے ہوئے پرائز بانڈ تبدیل کروا لئے اچھی خاصی بڑی رقم تھی۔ اس رقم کا میں نے سونا خرید لیا اپنی سیف الماری میں رکھا پھر اونے پونے داموں وہ پلاٹ بھی فروخت کر دیئے اور اس رقم کا بھی سونا خرید لیا 2 روز قبل میرے ساتھ بہت عجیب ہوا میں نے لاکھوں روپے مالیت کا یہ سونا اُٹھایا اور دریائے چناب کے پُل سے نیچے دریا میں پھینک دیا۔ جب واپس گھر آیا تو اپنے ہوش بحال ہوئے کچھ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ کیا ہوا اور میں نے ایسا کیوں کیا؟ میرا جسم اور سر بھاری تھا۔ دل و دماغ میں ایک خیال اور آواز گونجی میں نے تجھے برباد کر دیا ہے میری وجہ سے تو نے یہ سب کچھ حاصل کیا تھا اور جب تو نے مجھ سے کیا گیا وعدہ پورا نہ کیا تو میں نے بھی تجھ سے سب کچھ ختم کروا دیا۔

یقین کریں کہ اس کے بعد میرا رو رو کر برا حال ہے اس جن کے ہونے کا اب احساس ہے۔ مجھے یقین ہے کہ وہ مجھ سے ناراض ہو کر جا چکا ہے۔ جانے سے پہلے اُس نے ایک کام اور کیا کہ میرے والد سے میرا جھگڑا کروا دیا جنہوں نے مجھے گھر سے باہر نکال دیا ہے۔ والد صاحب مجھ سے پوچھتے ہیں کہ وہ پرائز بانڈ کہاں ہیں؟ پھر پتا نہیں اُنہیں کس طرح پتہ چلا گیا کہ میں نے پلاٹ بھی فروخت کر دیئے اب وہ مجھ سے رقم مانگتے ہیں میں اُن کو کہاں سے دوں میرے پاس کھانے کو بھی پیسے نہیں۔ اب اس بات کا یقین ہے کہ میں نے وہ ساری رقم کسی کو دے دی ہے جن کی تسخیر کے بارے میں اُنہیں معلوم نہیں تھا بلکہ کسی کو بھی معلوم نہیں تھا۔ اب اگر میں کسی کو یہ ساری بات کہوں یا بتاؤں تو یقیناً لوگ مجھے پاگل کہیں گے۔

میں کل رات اپنے گناہوں کی معافی مانگ رہا تھا بہت رو اور گڑگڑا رہا تھا کہ کتنے مختصر وقت میں۔ میں کہاں سے کس بلندی پر پہنچا اور اتنے ہی مختصر وقت میں اس بلندی سے اتنا نیچے آ گیا کہ اسی وقت آپ کے بارے میں خیال آیا ارادہ کر لیا تھا کہ ضرور آپ سے ملاقات کرونگا میری راہنمائی اور مدد ان

بزرگ کے بعد صرف اور صرف آپ کر سکتے ہیں یا یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اللہ کی طرف سے میرے دل میں یہ بات ڈالی گئی ہو کہ میں آپ سے رابطہ کروں۔ اُس کی ساری بات سننے کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا کہ اگر یہ شخص ثابت قدم رہتا اور اس کو شیطان کی طرف سے نہ بھڑکایا جاتا تو یقیناً وہ نیک جن آئندہ بھی اس کی مدد کرتا یا اگر اسکو بزرگوں کی صحبت مزید ملتی تو اُن حالات میں اس کے بھٹکنے کے کم چانس ہوتے۔ اس شخص سے اُن بزرگ کا جنہوں نے اُسکو چلہ کشی کروائی نام معلوم کیا اور آئندہ روز آنے کو کہا۔ اُن بزرگ سے روحانی رابطہ کیا گیا تو پتہ چلا کہ وہ جن اُن روحانی بزرگ کے تصرف میں پہلے سے تھا مگر اُس جن کی تسخیر کے وقت کیا گیا وعدہ اُس شخص نے توڑ دیا اور یہ بھی شکر کریں کہ یہ رجعت عمل کا شکار نہ ہوا ان بزرگ نے روحانی طور پر اس جوان کی بحالی کا ایک وظیفہ بتایا جس میں سوا لاکھ بار کلمہ استغفار، نماز کی پابندی اور اُس کے بعد 500 بار سورۃ اخلاص 11 روز تک پڑھنے کا عمل تھا اور یہ تمام اعمال اُس بزرگ کے مزار پر کرنا تھے۔ جب اگلے دن وہ شخص آیا تو اُسے اس عمل بارے بتایا گیا۔ 11 روز تک اُس نے یہ عمل کیا تو پہلے سے حالات بہتر ہوئے کلام الٰہی کی برکت سے اُسے روحانی اور قلبی سکون میسر آیا۔ کافی مطمئن نظر آ رہا تھا والد سے بھی معاملات کافی بہتر ہو گئے اب اُسکی خواہش تھی کہ دوبارہ سے اُسی جن کی تسخیر کا وظیفہ کرے۔ مگر اب ایسا ممکن نہ تھا کیونکہ اس قسم کے موقع زندگی میں ایک بار ملتے ہیں ہر بار کامیاب ہو جائیں ایسا بھی ممکن نہیں اور دوسری بات کہ عمر کے جس حصہ میں وہ تھا عام طور پر غلطی کا امکان زیادہ ہوتا ہے لہذا اُسے رزق حلال اور وسعت رزق کیلئے 21 بار سورۃ مزمل قبل نماز فجر اول آخر درود مزمل 21 بار مسلسل پڑھنے کا وظیفہ دیا گیا۔ بتایا گیا اس سے جنوں کی تسخیر تو نہ ہو گی لیکن روزگار کے معاملہ میں آپ بے فکر ہو جائیں گے۔ مال و عزت دونوں ملیں گی۔

مجھے معلوم ہے کہ تمام دوستوں کے دلوں میں اور ذہنوں میں یہ سوال ضرور گردش کر رہا ہو گا کہ واقعہ تو پورا بتا دیا لیکن اُن بزرگ نے کس طریقہ عمل سے اُس جوان کو جن کی تسخیر کروائی۔

محترم دوستو! جنات کی تسخیر کوئی عام نہیں وہ لوگ جو کہ پہلے تسخیرات کے قواعد کا علم رکھتے ہوں اور کسی بزرگ سے مسلسل رابطہ میں ہوں یا راہنمائی لے رہے ہوں یقیناً اُن کو اس عمل میں کامیابی ملے گی کیونکہ ایسے افراد کی روحانی قوت عام لوگوں سے زیادہ ہوتی ہے پھر بھی مختصر عرض کر دیتا ہوں کہ اِس جن کی تسخیر کے عمل کم از کم 2 ہفتہ قبل گوشت اور گوشت سے پیدا شدہ تمام اشیاء کا پرہیز کیا جائے ایک بھی نماز نہ قضا ہو بہتر اور اچھی خوشبو لگائی جائے۔ جس کمرہ میں اس عمل کو کرنا ہو پاک صاف اور آبادی سے کچھ دور ہو جہاں شور و غل نہ ہو جن دنوں پرہیز شروع کریں ان ایام میں کوشش کی جائے درود پاک کا سوا لاکھ ورد کر لیا جائے۔ درود پاک وہ ہو جو کہ آپکے زیادہ ورد میں رہے عموماً ایسا موقع پر مختصر درود پاک پڑھا جاتا ہے۔ قبل اذان فجر یعنی اذان سے 1 گھنٹہ پہلے تہجد ادا کر لئے جائیں۔ اب دو رکعت نماز نفل برائے تسخیر جن سورۃ مزمل ادا کریں۔ اس کے بعد 21 بار سورۃ جن اور سورۃ مزمل ملا کر پڑھی جائے یعنی پہلے ایک بار سورۃ جن اور اس کے بعد سورۃ مزمل پڑھیں۔ اس دوران کئی مشاہدات پیش آئیں گے کسی قسم کے ڈر خوف کی ضرورت نہیں آخری دن روشنی کا ایک گولہ نمودار ہو گا اپنے مقصد کی بات دل و دماغ میں ڈالے گا یا مضبوط خیال پیدا کریگا کہ آپ نے مجھے کس لئے بلایا ہے اسے اپنے مالی معاملات میں مدد اور نمبرات کے حصول کیلئے مدد کا کہیں۔ دیگر طریقہ کار اس جوان کے واقعہ میں بتا چکے ہیں کہ یہ کس طرح آپ کی راہنمائی کریگا۔ اس کے بعد نماز کی پابندی کریں پرہیز ختم کر سکتے ہیں کسی بھی روحانی بزرگ سے مسلسل رابطہ میں رہیں تو ان شاء اللہ کوئی نقصان نہ ہو گا۔ اگر وعدہ خلافی کی تو وہ بھی رد عمل ظاہر کریگا۔ کسی بھی قسم کا کوئی بھی نقصان پہنچا سکتا ہے۔

وہ دوست جو کہ درج بالا عمل کو کرنے کے خواہشمند ہوں ادارہ سے رابطہ کر سکتے ہیں لیکن کوشش کی جائے کہ پہلے پرہیز کیا جائے اور طبیعت میں خلوص نیت شامل کرے اور دیگر لوازمات مکمل کرے یعنی کمرے کا اہتمام، لباس، خوشبو وغیرہ ایسا نہ ہو کہ بعد میں کسی پریشانی کا سامنا کرنا پڑے وہ افراد رابطہ کریں جو کہ پہلے تسخیرات چلہ کشی کر چکے ہوں اور قواعد تسخیرات سے واقف ہوں۔ ان شاء اللہ آئندہ ماہ ملاقات ہو گی۔

قارئین تحفہ روحانیات سے التماس ہے کہ نقوش اور عبارت عمل کی خود بھی پڑتال کر لیں۔ ادارہ کی جانب سے ان باتوں کا خاص خیال رکھا جاتا ہے مگر پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔ خاص طور سے قرآنی آیات کی قرآن پاک سے پڑتال کریں۔ بہت باریکی سے خیال رکھنے کے باوجود دینی عبارات یا قرآن پاک آیات کی کمپوزنگ غلطی لاعلمی میں ہو سکتی ہے۔ قارئین خود بھی احتیاط کریں۔ (ادارہ)

فروری سردی میں گرم سیاست

تحریر
چوہدری فیصل محمود
(لندن)

محترم قارئین تحفہ روحانیات !سیارگان ماہ فروری میں درست اشارے دے رہے ہیں جن میں عموماً خیر کی خبر نہ ہے اس ماہ سب سے پہلے بننے والی تربیع مابین عطارد و مشتری نحس عندیہ دیتی ہے۔اس کے علاوہ دیگر سیارگان اسی نظرات اور مشتری کی رجعت بھی خفیہ اشارے دے رہی ہے ملکی سیاسی ماحول گرم ہے۔جس بناء پر کہا جاسکتا ہے کہ کبھی بھی کچھ بھی ہونے کو ہے۔جس طرح سے ماہر روحانیات کی جانب سے گزشتہ شمارہ جات میں اشارہ کردیا گیا تھا کہ امسال 2017ء شدید سردی کی لہر پیدا ہوسکتی ہے۔اور سال کے آغاز سے ملکی سیاسی ماحول خاص طور سے پانامہ لیکس پر سیاسی جماعتوں کی سیاست گرم رہے گی۔یہ گرمی وقت کے ساتھ ساتھ بڑھتی جائیگی۔

زائچہ:۔عطارد تربیع مشتری 02 فروری 12 بجے دوپہر بمقام اسلام آباد



پہلی نحس نظر عطارد مشتری تربیع کی قائم ہورہی ہے۔جس کے اثرات یکم تا 5 فروری رہنے کا امکان ہے۔اس دوران کچھ تبدیلیاں ہوسکتی ہیں۔بوقت نظر سیارہ مشتری درمیزان اور عطارد درجدی ہوگا۔حکمران جماعت کیلئے بہت سے نئے مسائل اور پریشانیاں کھڑی ہوسکتی ہیں۔خاص طور سے عدلیہ کی جانب سے کچھ اچھا نہ سننے کو ملے گا علاوہ ازیں جاری کردہ ترقیاتی منصوبے بھی نظرانداز ہوسکتے ہیں۔**مشتری کی رجعت** 06 فروری تا 09 جون ہے دوران رجعت مذہبی طبقات اور مذہبی گروہوں کی جانب سے کئی افواہیں گردش کرسکتی ہیں جس کا نتیجہ یہ حاصل ہوگا کہ عوام میں بے چینی کی فضاء زیادہ پیدا ہوگی۔

زائچہ:۔عطارد تسدیس زہرہ 11 فروری 11 بجے دن بمقام اسلام آباد



دوسری اہم نظر عطارد تسدیس زہرہ کی قائم ہورہی ہے جو کہ سعد نظر ہے۔جس کے اثرات 7 تا 15 فروری رہیں گے۔حکمران جماعت کی عوامی مقبولیت میں کمی اور حکومت مخالف جماعتوں میں تحریکوں میں اضافہ ہوسکتا ہے۔خصوصاً پی ٹی آئی، پاکستان پیپلز پارٹی سیاسی سرگرمیاں جلسہ جلوس اور بیانات میں اضافہ کردیں گی جس کے منفی اثرات حکومت وقت پر پڑیں گے۔

تیسری اہم نظر شمس تسدیس مشتری کی سعد نظر قائم ہورہی ہے جو کہ اپنے مخالفین پر غلبہ حاصل کرنے ان کے ارادوں کو ساتھ میں ملانے کی جانب اشارہ دے رہی ہیں۔ملکی معیشت کا سیارہ مشتری بحالت رجعت شمس کے ساتھ خاص نظر قائم کررہا ہے۔زائچہ کے ساتواں گھر وزیراعظم سے منسوب ہے اس گھر میں مشتری کی رجعت باعث تشویش ہے۔بوقت نظر شمس دردلو ہوگا۔گیارھواں گھر پارلیمنٹ سے منسوب ہے۔یعنی ایسے منصوبے جو کہ ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں حکومت کی جانب سے حکمت عملی تبدیل کی جاسکتی ہے تاکہ عوام کو بنیادی مسائل خصوصاً پانی بجلی اور مواصلات کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے اقدامات کئے جاسکیں۔اس دوران بنائے گئے منصوبوں پر حکمت عملی بہتر نتیجہ دے سکتی ہے۔

زائچہ:۔شمس تسدیس زحل 14 فروری 11 بجے دن بمقام اسلام آباد



چوتھی اہم نظر شمس زحل تسدیس کی قائم ہورہی ہے سعد نظر ہے۔جس کے اثرات 14 تا 18 فروری رہیں گے۔زحل کو حاکمیت کا سیارہ مانا جاتا ہے۔جبکہ شمس بادشاہت کا سیارہ ہے۔زائچہ کے نویں گھر میں موجود سیارہ زحل سے نظر تسدیس قائم کررہا ہے۔نواں گھر خارجہ امور اور عدلیہ سے متعلق ہے اس دوران ممکن ہے کہ پانامہ لیکس سے متعلق اہم فیصلے عوام کے سامنے لائیں جائیں سعد نظر ہے اور شمس و

زحل کے مابین قائم ہو رہی ہے اس نظر کی روشنی میں کہا جا سکتا ہے کہ فیصلہ حکومت کے حق میں آئے اور ایک دیرینہ مسئلہ سے حکومت کی جان چھٹے جائے گی۔

زائچہ:۔ عطارد تسدیس مریخ 16 فروری صبح 09 بجے بمقام اسلام آباد



پانچویں اہم نظر عطارد مریخ کے ہمراہ نظر تسدیس قائم کر رہا ہے سعد ہے۔ جس کے اثرات 14 تا 20 فروری رہیں گے یہ سعد نظر بہت سے مسائل کو حل کرتی نظر آتی ہے مریخ سپہ سالار فلک زائچہ کے پہلے گھر میں موجود ہے جہاں سے یہ سیارہ برج دلو میں موجود عطارد سے نظر تسدیس قائم کر رہا ہے۔ برج دلو زائچہ کا گیارہواں گھر کہلاتا ہے جیسا کہ بتایا جا چکا ہے کہ یہ گھر پارلیمنٹ سے منسوب ہے مریخ کی گیارہویں گھر میں موجودگی اور یہاں سے علم و حکمت دانائی کا سیارہ عطارد سے نظر تسدیس قائم کرنا اچھے اشاروں کی خبر دیتا ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ ملکی اہم شخصیات اس دوران بیرون ملک اپنے وفود بھیجیں۔ ملکی ترقی کیلئے اہم معاہدے کئے جائیں جس سے دُنیا میں پاکستان کی ساکھ بہتر ہو سکے گی۔ دشمن پر غلبہ حاصل ہو سکے گا خاص طور سے پاک چائنہ تعلقات مزید مضبوط ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ پاکستان کی ترقی اور معیشت کی بہتری کیلئے مزید معاہدے طے کئے جا سکیں گے۔

زائچہ:۔ عطارد تثلیث مشتری 21 فروری صبح 09 بجے بمقام اسلام آباد



چھٹی اہم نظر عطارد مشتری تثلیث قائم ہو رہی سعد ہے اس کے اثرات 19 تا 25 فروری رہیں گے۔ مشتری بحالت رجعت برج میزان میں موجود ہے جبکہ عطارد کا قیام برج دلو میں ہے۔ 22 درجہ پر قائم ہونے والی اس نظر تثلیث میں بھی کئی اشارے موجود ہیں۔ اس نظر کے تحت بیرون ملک قیام پذیر پاکستانیوں کو مشکلات کا سامنا ہو سکتا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ سعودی عرب اور خلیجی ریاستوں میں ایسے قانون پر عمل درآمد کیا جائے جس سے وہاں موجود پاکستانیوں کو نمبر 28.13 مشکلات کا سامنا کرنا پڑے۔ وہ افراد جن کا تعلق برج جوزا، سنبلہ اور حوت سے ہے مل 26.14 یا ایسے سیاست دان یا افراد جن کے نام کے سرحرف ق، ک، پ، د، چ سے ہے محتاط رہنا ہوگا۔ خاص طور سے اہم سیاسی جماعت پی ٹی آئی سے منسوب سیاست دان حضرات بیان بازی اور حکومت مخالف تحریکوں سے باز رہیں ورنہ معاملات اور حالات خراب ہونے کا اندیشہ ہے۔

زائچہ:۔ عطارد تسدیس زحل 24 فروری صبح 08 بجے بمقام اسلام آباد



ساتویں اور آخری اہم نظر جس کے اثرات 20 تا 28 فروری رہیں گے عطارد تسدیس زحل ہے۔ جیسا کہ آپکو معلوم ہے کہ حاکمیت کا سیارہ زحل وزیراعظم کے خانہ میں موجود ہے جہاں پر مثبت اثرات دے رہا ہے لیکن اس بات کو بھی نظر انداز نہیں کرنا چاہیے کہ زحل کے منفی اثرات میں ملک خفیہ دشمن اور اُس کی برتری بھی پوشیدہ ہے۔ 20 تا 28 فروری ظاہر ہونے والے اثرات بہ نتیجہ عطارد زحل تسدیس کامیابی اور کامرانی کا عندیہ دیتی ہے۔ مجموعی طور پر دیکھا جائے تو یہ ماہ حکومت وقت کیلئے آغاز میں سخت، مشکلات سے دوچار ہوگا لیکن وقت گزرنے کے ساتھ یہ مشکلات آسانیوں میں تبدیل ہونا شروع ہو جائیں گی۔ عالمی منظر نامہ پر اس ماہ کئی اہم تبدیلیوں کی امکانات موجود ہیں خ[illegible] توقع عالمی سطح پر سردی کی شدت میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے یہ بھی ممکن ہے کہ قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع بھی ہو۔ خاص طور سے یورپی ممالک میں کسی حادثہ یا حملہ کے امکانات موجود ہیں۔ زمینی و آسمانی آفات خصوصاً زلزلہ کے امکانات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

واللہ اعلم بالصواب

شمع بک ڈپو، کشمیر بازار راولپنڈی۔ 0336-2451457

پلوٹو، رنگت، حجم، سمندر

پلوٹو میں چھپے راز

تحریر
محمد ایاز مزمل حسین شاہ



قارئین کرام! برج عقرب کا حاکم سیارہ مریخ مانا جاتا ہے لیکن پلوٹو کے دریافت ہونے کے بعد اسے مریخ کا متبادل قرار دیا گیا ہے۔ مانا جاتا ہے کہ پلوٹو میں مریخ کی خصوصیات موجود ہیں۔ 2010ء میں اس بات کا اقرار کیا گیا کہ مریخ کی سرخ رنگت سے مشابہ پلوٹو اپنی رنگت رکھتا ہے اور اُسکے بعد بتدریج تیزی سے اپنا رنگ تبدیل کر رہا ہے۔ یہ بھی کہا گیا کہ ماضی کی نسبت پلوٹو تقریباً 20 گناہ زیادہ سرخ ہو چکا ہے لیکن اس کی گردش نظام شمسی میں دیگر سیاروں سے کچھ دور مانی جاتی ہے۔ حجم میں چھوٹا ہے اس کی رنگت میں تبدیلی کی وجہ ماہرین کے خیال میں سطح پر موجود برف کی وجہ سے ہو رہی ہے۔ اس تبدیلی پر سیارہ پلوٹو دوران گردش نئے زاویے پر آ گیا ہے اس کی سست رفتاری کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ سورج کے گرد پلوٹو کا ایک چکر 248 برس پر محیط ہے۔ ناسا کے مطابق پلوٹو کے شمال میں منجمد نائٹروجن گیس چمک رہی ہے۔ پلوٹو کے جنوبی حصہ میں یہ گیس نسبتاً گہرے رنگ کی ہے ماہرین کے مطابق پلوٹو پر تبدیلیاں سیارے کے اُس قطب پر برف کے پگھلنے سے ہو رہی ہیں جس پر سورج کی روشنی اور حدت کا اثر زیادہ ہے لیکن دوسرے قطب پر جہاں سورج کی کرنیں نہیں پڑتی وہاں نائٹروجن ضرور پگھلتی ہے مگر منجمد ہے۔ ماہرین فلکیات اس بات پر بھی حیران ہیں کہ اس سیارہ پر تبدیلیوں کی رفتار تیز ہے 2006ء میں پلوٹو کو مکمل کواکب کی فہرست سے خارج کر دیا گیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ پھر اس سیارہ کو کچھ حیثیت دیتے ہوئے بونا سیارہ سے منسوب کر دیا گیا۔ نظام شمسی میں پلوٹو دیگر سیاروں سے روایتی گردش میں مصروف ہے یہی وجہ ہے کہ دیگر سیاروں کے ماتحت سے بھی یہ سیارہ چھوٹا ہے پلوٹو کی سردی، بڑھتی ہوئی نائٹروجن گیس کے سبب اس کا درجہ حرارت ناقابل یقین حد تک سرد ہے جس کا اندازہ اس طرح لگایا جا سکتا ہے کہ پلوٹو پر موجودہ درجہ حرارت 237 درجہ ہے۔

امریکی خلائی ادارہ ناسا نے پلوٹو پر موجود برفیلی سطح کی تصویریں اتارنے کیلئے ایک خلائی جہاز بھیجا جو کہ 9 برس میں 5 عرب کلومیٹر کا فاصلہ طے کرنے کے بعد پلوٹو کے قریب ہے۔ یہ بات الگ ہے کہ یہ خلائی جہاز اب بھی پلوٹو سے 20 کروڑ کلومیٹر دور ہے۔ اتنا فاصلہ سے لی گئی تصاویر میں صرف کچھ چیزیں نظر آتی ہیں۔ سال 2015ء میں یہ جہاز پلوٹو کے قریب سے گزرا اس دوران اس نے کئی بار سیارہ کی تصویریں لیں۔ ان تصویروں کی مدد سے پلوٹو کی گردش کا اندازہ کیا جا سکتا ہے ناسا رپورٹ کے مطابق پلوٹو کی گردش 14 کلومیٹر فی سیکنڈ ہے۔ اس تیز رفتاری کے سبب سیارہ کے مدار میں داخل ہونا ناممکن ہے زیادہ فاصلہ ہونے کی بناء پر اس سیارہ پر نظر رکھی جا سکتی ہے۔ سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ نظام شمسی میں موجود نو سیاروں کے متعلق معلومات تیزی سے اکٹھی کی جا رہی ہیں جس میں سرفہرست پلوٹو موجود ہے 23 سو کلومیٹر چوڑی برف چٹانی پلوٹو سے 2006ء میں سیارے کا درجہ چھین لیا گیا تھا لیکن سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ اس سے ان کے عزم پر کوئی فرق نہیں پڑا۔ پلوٹو سے زمین کا فاصلہ 5 ارب کلومیٹر ہے یہی وجہ ہے کہ پلوٹو سے بھیجے جانے والا پیغام کئی گھنٹوں بعد زمین تک پہنچتا ہے۔ اس سیارے کا قطر 2370 کلومیٹر ہے۔ حجم کے بارے میں کئی نئی معلومات کی تصدیق ہو چکی ہے کہ پلوٹو کیپر بیلٹ نامی نظام شمسی کے بیرون علاقہ میں پائی جانے والی سب سے بڑی شے دریافت ہوئی ہے۔ سائنسدانوں کا خیال ہے کہ سائنسی ڈیٹا سے سیارہ



کے حجم بارے درست معلومات حاصل ہو چکی ہے۔ ان نئی معلومات میں پلوٹو کی کثافت اتنی نہیں جتنی کے ماضی میں سمجھی جاتی تھی۔ یہ الگ بات ہے کہ اس سیارہ پر برف کا تناسب دیگر سیارگان سے زیادہ ہے۔ 2005ء میں ایرس کی دریافت کے بعد 2006ء میں پلوٹو سے مکمل سیارے کا درجہ واپس لے لیا گیا تھا مگر نئی دریافت سے ثابت ہوا کہ پلوٹو کا قطر ایرس سے 30 کلومیٹر زیادہ ہے۔ نئی معلومات کے مطابق پلوٹو کا بڑا چاند کیرن ہے۔ پلوٹو اور کیرن کے ظاہر فرق کو حیرت سے دیکھا جا رہا ہے۔ ناسا رپورٹ کے مطابق کیرن کا رنگ خاصا سرخ ہے۔

برفانی چوٹیوں کی بلندی: ۔ پلوٹو پر موجود برفیلی چوٹیوں کی بلندی ایک سے ڈیڑھ کلومیٹر مانی جاتی ہے یہ چوٹیاں برفیلی اور ہموار سطح کے درمیان موجود ہیں ان چوٹیوں کو سپٹنک پلنم کا نام دیا گیا ہے۔ سائنسدانوں کے مطابق ان چوٹیوں کی عمر ایک کروڑ سال سے کم ہے جبکہ تصویری حصہ میں سیاہ رنگت اربوں سال قدیمی ہے۔ نئے ظاہر ہونے والی پہاڑ اور اسکے پہاڑی سلسلہ سے 110 کلومیٹر فاصلہ پر برفانی چوٹیوں کا ایک ہجوم ہے جسے نور گیموٹس کا نام دیا گیا ہے۔ یہ چوٹیاں زیادہ بلند ہیں ان کی بلندی 3.3 کلومیٹر ہے۔ پلوٹو کے 5 میں سے 2 چاند کی تصویر بھی لی جا چکی ہے۔ جن میں سے ایک چاند کا نام ہائیڈرا کے نام سے منسوب ہے جو 55 کلومیٹر لمبا 40 کلومیٹر چوڑا ہے۔ دوسرے چاند کو نکس کے نام سے مانا جاتا ہے۔ اس چاند کی تصویر اور خاص تکنیکی طریقہ سے اسکی سطح کی ساخت کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔ اس دوران دیکھا گیا ہے کہ اس پر ایک سرخ رنگ کا نشان ہے۔ جسے مانا جاتا ہے کہ یہ سرخ نشان آتش فشاں ہے۔

پلوٹو کی سطح کے نیچے گدّ سمندر: ۔ ماہرین فلکیات کے مطابق پلوٹو کی سطح کے نیچے ایک خطہ میں سمندر موجود ہے پلوٹو سب سے بڑے چاند کیرن کے ساتھ کشش ثقل کے ذریعے منسلک ہے لیکن پلوٹو کی سطح کے نیچے ایک گاڑھے مادے نے اس سیارے کو ایک زاویے پر دھکیل دیا ہے۔ اس طرح دھکیلنے سے پلوٹو کا رُخ اپنے چاند کیرن کی جانب ہو گیا۔ پلوٹو اور کیرن مدوجذر کے ذریعے آپس میں جڑے ہوئے ہیں جس وجہ سے دونوں اجرام فلکی کا ہمیشہ سے رخ ایک دوسرے کی جانب رہا۔ پلوٹو ایک خاص ارتقائی عمل سے گزر رہا ہے۔ جینس گین اس بات کی وضاحت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اگر کوئی سیارہ بالکل گول ہو اور آپ اس کے ایک حصہ پر اضافی وزن لٹکا کر اسے گھومانا شروع کر دیں تو سیارہ اس اضافی وزن کو اپنے خط استوا کے قریب لانے کی کوشش کریگا۔ پلوٹو کی مانند اقسام، جو موجی طور پر جامد ہو تو یہ فالتو وزن اس کے موجی محور کے جانب گردش کریگا۔ سیارہ پر موجود سرخ خطہ کو سپوتنگ پلانیشیا کی برف ہٹا کر اس کے نیچے پانی رکھ دیں۔ پانی جو برف سے زیادہ کثیف ہوتا ہے تو آپ کو زیادہ وزن مل جائیگا یہی وجہ ہے کہ سپوتنگ پلانیشیا کا وزن زیادہ ہو جائیگا جس سے ٹکراؤ کے نتیجہ میں گڑھا بنا اور سطح کے نیچے موجود گاڑھے سمندر نے پلوٹو کی پتلی اوپری سطح کو باہر کی جانب دھکیلنا شروع کر دیا۔ جس کے نتیجہ میں اس سیارے کا جھکاؤ ایک جانب ہو گیا۔ پلوٹو پر موجود سمندر انتہائی یخ ہو گا اور ذائقہ میں بے حد نمکین اس لئے یہ پانی زمین یا یورپا سے زیادہ مختلف ہو گا۔ سیارہ پر موجود تبدیلیاں اور رنگت کسی طور پر بھی مریخ کے مقابل نہیں ہو سکتی یہ الگ بات ہے کہ پلوٹو تیزی سے اپنی رنگت ماہیت اور حجم تبدیل کر رہا ہے۔ ماہرین نجوم کے نزدیک برج عقرب کا حاکم ذیلی سیارہ مریخ مانا جاتا ہے۔ جسے ماہرین فلکیات کی بڑی تعداد نے تسلیم کیا لیکن چند ماہرین کے مطابق پلوٹو برج عقرب کا ذیلی حاکم ہے۔ کوئی بھی برج اپنے سیارہ کے اثرات کو ظاہر کرتا ہے اور اس سیارہ سے منسوب امور صاحب برج پر منفی یا مثبت اثرات ظاہر کرتے ہیں۔ 2017ء میں سائنسدان مریخ بارے مزید معلومات تحقیقات اکٹھی کرنے کیلئے پُرعزم ہیں۔ انڈیا کے ماہر فلکیات کا دعویٰ ہے کہ وہ رواں سال ہر صورت میں مریخ کی مکمل تسخیر کر لیں گے۔ اب یہ آنے والا وقت بتائے گا کہ ہندوستان کے بڑے بڑے سائنسدان کس حد تک اپنے دعوے پر پورا اترتے ہیں۔

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

عطارد تربیع مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعرات	02	07:08 تا 08:01	10:41 تا 11:34	مشرق	20:01 تا 21:07	جنوب مشرق

دشمن کی تباہ و بربادی

(مقصد عمل) آپ اس دوران ایسے دشمن کی جائیداد یا عمارت کو تباہ و برباد کر سکتے ہیں کہ جس عمارت میں غیر شرعی اور ناجائز کام ہوتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ ناجائز طریقہ سے کمائی گئی دولت سے شرفاء کو تنگ کرتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ کسی ظالم شخص کے ہاتھوں تنگ آ چکے ہوں اور طاقتور شخص کے سامنے کمزور ہوں اس عمل سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) 8 عدد ایسی قبروں کی مٹی حاصل کی جائے کہ جو لوگ قتل ہوئے ہوں یا خودکشی کی گئی ہو یا کسی طویل بیماری کے سبب موت واقع ہوئی ہو۔ ان قبروں کی مٹی اکٹھی کر لیں بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے اس مٹی پر 80 بار سورہ لہب پڑھ کر اس مٹی پر پھونک دیں اور پھر کسی بھی وقت وہ مٹی اس عمارت میں ایسی جگہ پر ڈال دیں کہ جس جگہ پر مٹی ڈالنے سے اُس کی بے حرمتی نہ ہو۔ روزانہ 80 بار سورہ لہب بعد نماز عشاء 8 روز تک بلاناغہ پڑھیں۔

عطارد تسدیس زہرہ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
ہفتہ	11	10:39 تا 12:28	17:00 تا 19:00	جنوب مشرق		

تسخیر محبوب

(مقصد عمل) محبت، الفت، دوستی یا نکاح کے لیے راضی کرنے کیلئے یا تسخیر خلائق کے لیے یہ وقت موزوں ہے۔

(عمل) قبل از وقت سے ہدہد اور ابابیل کی آنکھیں ہرن کی جھلی میں لپیٹ کر مشک و زعفران کا بخور دے کر پیتل کے تعویز میں بند کر لیں یا پھر فیروزہ نگینہ کے نیچے ان دونوں آنکھوں کو دیئے گئے وقت میں خشک کرنے کے بعد پیس کر اس نگینہ کے نیچے بھر کر دم کروالیں جونہی اپنا ہاتھ کسی سے بھی مس کریں گے وہ طالب کی محبت میں دیوانہ ہو جائے گا، علاوہ ازیں اس عمل کی برکت سے دشمن بھی مغلوب ہوگا۔

شمس تثلیث مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
اتوار	12	07:00 تا 07:55	13:23 تا 14:17	مغرب	17:56 تا 19:01	جنوب

انعامی اسکیموں میں جیت

(مقصد عمل) یہ ایسا وقت ہے کہ جس میں لکی نمبرز پرائز بانڈ، کمیٹی یا اسی طرح کے دوسرے انعامی چانس کی اسکیموں میں مفت کی دولت مل سکتی ہے ستاروں کی اس نظر کے تحت غربت اور افلاس چند ہی دنوں میں ختم ہو جاتا ہے شرط ہے کہ آپ کی طرف سے عمل میں کوئی غلطی یا کوتاہی نہ ہو۔ ضروری ہی نہیں ہے اس عمل کی برکت سے آپ کا انعامی چانس نکلے بلکہ اللہ کی طرف سے کئی اور رستے بھی رزق کو فراغ کرنے کیلئے مل جاتے ہیں۔

(عمل) 1 تسبیح استغفار + 21 بار درود شریف + 21 سورہ مزمل + 21 بار درود شریف پڑھیں بعد میں ایک سفید کاغذ پر اسمائے الٰہی یا مغنی، یا زکی، یا مغنی، یا لطیف 7 بار لکھیں اس کاغذ کو نقش کی صورت میں لپیٹ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں ہر روز 21 بار سورہ مزمل اول آخر درود شریف 21 بار بعد نماز فجر پڑھ کر اس باندھے ہوئے نقش پر پھونک دیں جو لوگ سورہ مزمل نہ پڑھ سکیں وہ مذکورہ اسم الٰہی کا ورد عمل کے وقت 117 بار کریں۔

شمس تثلیث زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
منگل	14	07:53 تا 08:48	14:18 تا 15:13	شمال مغرب	17:57 تا 19:02	شمال مشرق

خاتمہ بندش روزگار

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت روزگار کی بندش ختم کرنے اور اپنی جائز خواہشات کی تکمیل کیلئے عمل کیا جا سکتا ہے۔

(عمل) آج کے اس عمل میں اسم اعظم **یا باسط** 720 بار کریں اگر نقش بنانے کے فن سے واقف ہیں تو مثلث آبی کا نقش بنائیں عدد اسم **باسط** 72 ہیں۔ اسی اسم کے چاروں عناصر کے نقش بنائیں۔ نقش خاکی چال اپنے

نوٹ:۔ قارئین تحفہ روحانیات اعمال شروع اختیار کرنے سے قبل خصوصی اجازت طلب کریں۔ **ادارہ روحانیات**

پاس رکھیں۔ باقی تینوں نقش اپنے اپنے عناصر میں استعمال کر لیں۔ جو لوگ نقش نہ بنا سکیں وہ اسم **باسط** 72 بار ورد کرنے کے بعد 72 عدد چھوہاروں پر دم کر دیں۔ روزانہ ایک چھوہارا لیں اور نہار منہ اس چھوارے پر 72 بار **یا باسط** پڑھ کر کھا لیں۔ اپنے مقصد کی اور رزق روزی کی دعا کریں۔ ان چھوارہوں کی گٹھلی کو سنبھال کر رکھ لیں۔ چھوہارے ختم ہونے کے بعد روزانہ ان گٹھلیوں پر 72 بار **یا باسط** پڑھا جائے۔ ہر قسم کی بندش ختم ہونے ساتھ رزق روزی میں بے انتہا اضافہ ہوگا۔

عطارد تسدیس مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعرات	16	07:52 تا 08:47	14:18 تا 15:13	شمال	21;13 تا 22:18	مشرق

خاتمہ بلڈ پریشر

(مقصد عمل) ایسے مریض جو کہ بلڈ پریشر ہائی یا بلڈ پریشر لو کا شکار ہوں کئی علاج کروانے کے بعد بھی شفاء حاصل نہ ہو رہی ہو اس عمل کی قوت سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) مریض کے قد کے برابر ایک سرخ رنگ کی ڈوری لیں۔ اس ڈوری پر حروف صوامت جو کہ بندش کے لیے استعمال ہوتے ہیں 13 بار پڑھ کر 1 گرہ لگا دیں لیکن پڑھتے وقت اپنے سانس کو روک لیا جائے اسی طرح کچھ فاصلے پر دوسری گرہ لگائی جائے لیکن اس وقت میں اس مریض کو اپنے سامنے لٹائیں ایسے ہی اس ڈوری پر 13 گرہ لگائیں یہ ڈوری مریض کو پہننے کے لیے دے دیں حیرت انگیز طور پر دیکھا گیا ہے کہ مریض کو دوبارہ بلڈ پریشر کی شکایت نہیں ہوتی ہے۔ نقش بنانے کے لیے عدد 543 کو چاروں چالوں سے مربع میں پر کریں نیچے مقصد تحریر کرنے کے بعد خاکی نقش مریض کو پہننے کے لیے دیں جبکہ باقی تین نقش اپنے اپنے عناصر میں استعمال کریں۔ حروف صوامت، **احد رسص طعك لموه**

عطارد تثلیث مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
منگل	21	09:40 تا 10:36	12:27 تا 13:23	جنوب مغرب	19:07 تا 20:11	مغرب

حصول ملازمت

(**مقصد عمل**) ایسے ملازم پیشہ افراد جو کہ ترقی کے خواہاں ہوں اور کسی بھی صورت کوئی امید نظر نہ آتی ہو اس عمل سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

(**عمل**) دیئے گئے وقت میں **یا رافع** کا ورد 4000 بار پڑھیں آنکھیں بند اور دل کی طرف مکمل توجہ ہو ذہن میں اپنے مقصد کی طرف دھیان ہو بعد ورد اپنے لب سے اپنی پیشانی پر شہادت کی انگلی سے اس اسم کو لکھیں اور آسمان کی طرف پھونک دیں اول آخر درود شریف 19 بار پڑھیں پھر سجدہ میں جا کر اپنے مقصد کی دعا کریں انشاء اللہ بہت جلد مقصد میں کامیابی ہوگی نقش بنانے کیلئے **یا رافع** کے عدد 351 سے نقش مربع بادی پر کریں اور اسے ہمیشہ اپنے پاس رکھیں آخر میں اس نقش کے اپنا مقصد اور مطلب لازمی لکھیں۔

عطارد تسدیس زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعہ	24	07:45 تا 08:42	14:20 تا 15:16	شمال		

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر سے ایسے والدین فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو اپنے بچوں کے رشتہ نہ ہونے کی وجہ سے پریشان ہیں یا کسی بھی طرح کی بندش کا شکار ہیں عمل سے قبل آکاش بیل کا عرق بوتل میں جمع کر لیا جائے۔

(عمل) ایک تسبیح استغفار +21 بار درود شریف +2000 بار "یا بدوح" +21 بار درود شریف سفید کاغذ پر بسم اللہ بخار لکھ کر آکاش بیل کے حاصل شدہ عرق سے لکھیں نیچے دعائیہ انداز میں اپنا مقصد تحریر کریں اس کاغذ کو نقش کی صورت میں لپیٹ لیں اور جس کا نکاح بندھا ہو اس کے گلے میں لٹکا دیں۔ اسی طرح ایک دوسرا نقش تیار کریں اس نقش کو پانی میں ڈال دیں نہار منہ صبح اس پانی کے 3 گھونٹ 20 روز تک پئیں اب روزانہ بعد نماز فجر اول آخر درود شریف 21 بار + 'یا بدوح' 108 بار پڑھ کر اس نقش پر دم کر دیں جب تک مقصد پورا نہ ہو بلا ناغہ ورد کریں اور ہاتھ اٹھا کر اپنے مقصد کی دعا کریں شادی کے معاملے میں بڑی سی بڑی بندش رفع ہو جاتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

چاند گرہن:۔ 11 فروری 2017ء بروز اتوار

ابتداء:۔ 03 بجکر 31 منٹ 54 سیکنڈ

مکمل:۔ 05 بجکر 34 منٹ 44 سیکنڈ

خاتمہ:۔ 07 بجکر 55 منٹ 39 سیکنڈ

سورج گرہن:۔ 26 فروری 2017ء بروز اتوار

ابتداء:۔ 17 بجکر 10 منٹ 21 سیکنڈ

مکمل:۔ 19 بجکر 58 منٹ 19 سیکنڈ

خاتمہ:۔ 22 بجکر 35 منٹ 30 سیکنڈ

درج بالا تمام ساعت ملتان وقت کے مطابق ہیں دیگر شہروں کا فرق وقت جمع نفی کر لیا جائے (ادارہ)

رجعت مشتری

06 فروری 11:52 سیارہ مشتری برج میزان میں 23.08 درجہ پر رجعت پذیر ہو رہا ہے۔ اس سیارہ کی یہ رجعت 09 جون 19:01 کو اسی برج میں 13.12 درجہ پر ختم ہوگی۔

اس عرصہ میں برج میزان، قوس، جوت سے متعلقہ افراد محتاط رہیں۔ ان ایام میں قیمتی اشیاء الیکٹرک الیکٹرونکس، اسٹاک ایکسچینج، شیئرز، جائیداد کی خرید و فروخت نقصان دہ سکتی ہے۔

رجال الغیب کیا اور ان کی سمتیں

کسی بھی عمل یا نقش لکھنے سے قبل رجال الغیب کی سمتوں سے واقف ہونا ضروری ہے اگر دوران عمل رجال الغیب آپ کی پشت پر ہوں تو عمل میں قوت اور تاثیر زیادہ پیدا ہو جاتی ہے اسی طرح اگر رجال الغیب سامنے ہو تو عمل میں رجعت اور کمزوری پیدا ہو جاتی ہے۔

رجال الغیب کی وہ نیک ہستیاں اور بندگان خدا ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاں مقبولیت بخشی اگر ان کی روحانیت صاحب عمل کے ساتھ شامل ہو جائے تو کوئی شک نہیں کے عمل میں بہت زیادہ قوت اور طاقت پیدا ہو۔

ان کی آٹھ سمتیں ہیں عمل کے وقت آپ کا رُخ ان سمتوں کی جانب ہونا چاہیے تو رجال الغیب آپ کی پشت پر ہونگے چاند کی تاریخوں کے لحاظ سے ان سمتوں کی ترتیب دی گئی ہے اسلامی دن کے اعتبار سے اذان مغرب کے بعد چاند کی تاریخ تبدیل ہو جاتی ہے مثلاً کسی دن مغرب کی نماز سے قبل چاند کی ۲ تاریخ ہے اور ہم نے بعد نماز مغرب میں کوئی عمل یا وظیفہ کرنا ہے تو ہم اس دن چاند کی ۳ تاریخ کے حوالہ سے دیکھیں گے۔

شمال مغرب :۔ ۱،۹،۱۶،۲۴

شمال مشرق :۔ ۲،۱۰،۱۷،۲۵

شمال :۔ ۳،۱۱،۱۸،۲۶

مشرق :۔ ۴،۱۲،۱۹،۲۷

جنوب مشرق :۔ ۵،۱۳،۲۰

جنوب مغرب :۔ ۶،۲۱،۲۸

مغرب :۔ ۷،۱۴،۲۲،۲۹

جنوب :۔ ۸،۱۵،۲۳

حالت قمر

قمر در عقرب: 16 فروری 11:40 تا 18 فروری 23.52

ھبوط قمر: 16 فروری 15.38 تا 18.00

قمر در ثور: 03 فروری 06.49 تا 05 فروری 09:44

شرف قمر: 03 فروری 10:15 تا 11:58

شادی بیاہ کی تاریخیں

3.4.5.6.9.10.12.1.19.20.2.24.25

ایزی پیسہ یا دیگر ذرائع سے رقم ارسال کرنے سے قبل ہدایت

1۔ جب بھی ایزی پیسہ یا دیگر ذرائع سے رقم ارسال کرنا ہو اپنا مقصد لکھ کر بذریعہ ایس ایم ایس مطلع کریں۔

2۔ ایس ایم ایس کے آخر میں اپنا نام اور شہر ضرور تحریر کریں۔

3۔ لوح کا نام یا جس مقصد کے لئے آپ رقم ارسال کر رہے ہیں وضاحت کریں۔

4۔ رقم وصول کرنے کا Pin Code بذریعہ ایس ایم ایس ضرور مطلع کریں۔

5۔ ادارہ کے نمبر 0300-6351192 پر موبی کیش اور UBL.OMNI یو بی ایل اومنی کے کاؤنٹ کی سہولت ہے۔

6۔ ادارہ کے فون نمبر پر رقم ارسال کرنے کی اطلاع کا پیغام ارسال کریں۔

لوح مشتری

عزت، مال، دولت، انعامی چانس میں مکمل کامیابی، 12 سال بعد مشتری کی طاقت میں تیار کی جانے والی حصول مال و زر کا خزانہ۔ (اس لوح کی برکت سے غیب سے مال حاصل کرنے کے راستے کھل جاتے ہیں۔)

لوح منگوانے کیلئے آج ہی ادارہ سے رابطہ کریں

0300-6351192

0333-6158193

قارئین تحفہ روحانیات جب بھی کوئی نقش تحریر کریں تو نقش کی دوسری جانب طلسم لازمی بنائیں۔ **ادارہ روحانیات**

بندش کے نایاب اعمال

فیضان الجفر

حروف صوامت اور اعمال گرہن

تحریر:۔ شہزادہ منظور علی سموں (بنیر محمد خان)

قارئین تحفہ روحانیات اسلام علیکم! آپ بھائیوں کی خدمت میں سورج و چاند گرہن کے موقع پر حروف صوامت کا ایک مجرب عمل پیش کر رہا ہوں انشااللہ یہ عمل سب دوستو کو پسند آئیگا۔

حروف صوامت بہ نقطہ حروف کو لکھتے ہیں ابجد کے 28 حروف میں سے 13 حروف جو کہ بہ نقطہ ہیں اُن کو حروف صوامت کے نام سے پکارتے ہیں۔ صوامت کے لفظی معنی ہیں خاموش یا چُپ رہنا۔ ان حروف سے بندش والے تمام کام لے سکتے ہیں۔ انسانی ضروریات کے مطابق ایک چوتھائی کام حروف صوامت سے لئے جاتے ہیں اور اثرات کے لحاظ سے بھی بڑے پاورفل ہیں۔ تقریباً 13 منٹ سے لے کر 24 گھنٹے کے اندر اندر اثرات دیکھنے میں آجاتے ہیں۔ باندھنے اور روکنے والے عملیات صرف انہی حروف صوامت سے ہی ممکن ہیں بغیر زکات کے یہ حروف غیر معمولی اثرات دکھاتے ہیں اور اگر ان حروف کی زکات نکالیں تو اثرات یقینی ہونگے جیسے لوہے کی لکیر۔

حروف صوامت: ۔ ا، ح، د، ر، س، ص، ط، ع، ک، ل، م، و، ہ۔ ٹوٹل 13 حروف ہیں۔ ان کے لفظی چار جملے بنتے ہیں جو یہ ہیں۔ **احد، رسص، طعک، لموہ** حروف صوامت کے اعداد قمری 543 ہیں جبکہ اعداد شمسی 3465 بنتے ہیں۔

حروف صوامت کی زکات ادا کرنے کیلئے ماہرین نے سورج و چاند گرہن کے وقت کو ہر تاثیر مانتے ہوئے مقرر کیا ہے۔ جب کبھی چاند یا سورج گرہن لگے 543 مرتبہ یہ الفاظ۔ احد، رسص، طعک، لموہ سفید کاغذ پر ایک طرف کسی بھی قلم سے لکھ لیں ان حروف کو لکھنے کے دوران قطعی کسی سے بات نہ کریں بلکہ احتیاط کریں کہ چھینک تک کی آواز بھی باہر نہ نکلے بالکل خاموش بیٹھ کر حروف صوامت کی تعداد زکات 543 کو مکمل کرلیں اگر کوئی ضروری کام کسی سے ہو تو کاغذ پر لکھ کر سارا حال احوال لے اور دے سکتا ہے اگر بات کرلی تو عمل باطل ہو جائیگا۔ جب تعداد 543 مکمل کرلیں تو تمام کاغذات کالے کپڑے میں لپیٹ کر کسی قبرستان یا پھر کسی پاک صاف زمین میں دبا دیں اب آپ ایک سال کیلئے حروف صوامت کے قمری عامل بن جائینگے۔ ہر عمل گولی کی طرح اثر دکھائے گا اب روزانہ مداوت کے طور پر 13 حروف صوامت کو لکھنا پڑیگا تاکہ عمل قابو میں رہے۔

(نوٹ) حروف صوامت کے سلسلہ میں مزید تفصیل و معلومات حاصل کرنے کیلئے میری کتاب جو کہ مکتبہ روحانیات سے شائع ہو چکی ہے۔ ''اسرار حروف صوامت'' کا مطالعہ کریں۔ یہ کتاب بہترین استاد ثابت ہو گی۔ حروف صوامت کی زکات ادا کرنے کیلئے ماہ فروری 2017ء میں چاند و سورج گرہن لگ رہے ہیں اس دوران زکات ادا کر سکتے ہیں۔

اوقات گرہن

چاند گرہن:۔ 11 فروری 2017ء بروز اتوار

سورج گرہن:۔ 26 فروری 2017ء بروز اتوار

مندرجہ بالا اوقات میں حروف صوامت کی زکات کی تعداد 543 مکمل کر لیں رجال الغیب کا لحاظ رکھیں اور لکھتے وقت اپنے منہ میں اصلی موم رکھیں۔

ترکیب عمل: ۔ حروف صوامت کا مندرجہ ذیل نقش کسی نحس وقت مثلاً قمر در عقرب، رجعت عطارد، ہبوط عطارد، بوقت چاند یا سورج گرہن یا کسی نحس نظرات میں نقش تیار کر سکتے ہیں۔ نقش کے نیچے نام مع والدہ مخالف کا ضرور لکھیں اور تمام تر مقصد کو تحریر کر دیں۔ ٹوٹل 2 عدد نقوش بنائیں ایک نقش قبرستان میں دبا دیں دوسرا نقش کسی بھاری وزن کے نیچے اندھیرے کمرہ میں دبا دیں تو دشمن کی زبان بند ہو جائیگی اور قطعی خلاف نہ بولے گا۔ چال نقش اور نقش خاص حاضر ہے۔

چال نقش

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

اجھزط

احد، رسص، طعک، لموہ

۱۸۰	۱۷۵	۱۷۸
۱۷۹	۱۸۱	۱۸۳
۱۸۴	۱۷۷	۱۸۲

احد، رسص، طعک، لموہ

طعک، لموہ، احد، رسص

چاند اور سورج گرہن

تحریر:۔ سید شبیہ الحسنین رضوی کاشانہ الحسینی (کراچی)

قدرت نے چاند اور سورج کی ایسی منازل قائم کردی ہیں جو نظام عالم کی قائمہ تک اس حقیقت پر قائم رہیں گی۔ جس کی بناء پر انسان تجربہ کر چکا ہے کہ یہ منازل اور دیگر اجرام فلکی ایک خاص رفتار سے دُنیا پر اثرانداز ہوتے ہیں۔ ہر ستارہ اپنے محور پر گردش کر رہا ہے قرآن حکیم ان سیارگان کی حرکت کو اپنی حکمتوں کا سرچشمہ اور فطرت کی باریک بینی قرار دیتا ہے اور کہتا ہے کہ ''دیکھو ہماری حکمت کاملہ کو کہ ان میں کسی قسم کا نقص نہیں آ سکتا'' تجربہ بتاتا ہے کہ چاند گرہن ہمیشہ چاند کی 13,14,15 کو لگے گا اور سورج 27,28,29 کو گرہن کھائے گا۔ یہ ایک اصول ہے جو کبھی فیل نہیں ہوتا۔ گرہن کے اور اثرات کے علاوہ اہم احتیاط حاملہ عورتوں کو کرنی چاہیے کیونکہ گرہن کا اثر جینین پر پڑتا ہے۔ حاملہ کیلئے لازم ہے کہ وہ سیدھی چیت لیٹ جائے تاکہ اس کے کسی فعل سے حمل پر اثر نہ پڑے گرہن کے وقت جینین میں نشوونما کی حرکت تیز ہو جاتی ہے جس سے حاملہ کی حرکات جینین میں نقص اعضاء لاتی ہے۔ مثلاً اگر وہ قعدہ کی حالت میں پیر ٹیڑھا کر کے بیٹھے گی تو مولود کا پاؤں بھی ٹیڑھا ہوگا۔ وہ لوگ جن کے مویشی حاملہ ہوں ان کو بھی چاہیے کہ وہ گرہن کے وقت ان کو کھڑا رکھیں بیٹھنے نہ دیں۔

ماہ رواں میں چاند گرھن 11فروری 2017ء بروز اتوار جبکہ سورج گرھن 26فروری 2017ء بروز اتوار کو ھونا ھے۔

طلسم زبان بندی

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کے حریف یا حاکم یا دشمن یا افسران بالا کی زبان بند رہے یا یہ خواہش ہو کہ جس جگہ سے کوئی رشتہ لینا چاہے اور اہل خانہ راضی نہ ہوں اس لڑکے یا لڑکی کے والدین یا عزیز رشتہ دار کوئی مخالفت نہ کریں تو اس طلسم کی طاقت سے مکمل طور پر کام لیا جاسکتا ہے۔ گرہن کے وقت میں سیسہ کی دھات پر حروف صوامت ملفوظی لکھیں اور اسی طرح انہی حروف میں اپنا مقصد ملفوظی لکھ کر اور مخالفین کے نام بھی ملفوظی لکھ کر امتزاج دیں اور پھر ان حاصل شدہ کل حروف میں چار چار کلمے بنائیں اور ہر کلمے کے آخر میں لفظ ائیل لگا دیں۔ یہ اس عمل کا موکل ہونگے آخر میں ایک عزیمت اپنی مقصد کی تیار کریں اور اس سیسہ کے ٹکڑے کو سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر سیاہ دھاگہ اچھی طرح باندھ دیں اس پر پلاسٹک کی تھیلی اچھی طرح لپیٹ کر ان مخالفین کی گزرگاہ میں دفن کر دیں انشاءاللہ جس شخص کیلئے جس نیت سے بھی عمل کیا جائیگا تاحیات موثر رہیگا۔

اس کی مثال اس طرح ھے۔

حروف صوامت:۔ اح درس ص ط ع ک ل م وہ۔

مقصد عمل زبان بندی:۔ ز ب ان ب ن دی

نام مخالف کرم الٰہی:۔ ک رم ال ہ ی

تیار سطر امتزاج دینے کے بعد اس طرح بنے گی۔

ازل ح ب ہ دای رن س ب ص ن ط د ع ک ل رم م واہ ا

ازل ح' ب ہ دا' ی رن س' ب ص ن ط' د ع ک ل' رم م وا' ہ ا

ازلحائیل۔ بھدائیل۔ یرنسائیل۔ بصنطائیل۔ دعکلائیل۔ رموائیل۔ اھاائیل۔

اس عمل کی عزیمت اس طرح ہوگی۔

''الھیٰ حروف صوامت کی مقدس برکات کے طفیل میں ان تمام موکلات کو قسم دیتا ھوں ۔ازلحائیل۔ بھدائیل۔ یرنسائیل۔ بصنطائیل۔ دعکلائیل۔ رموائیل۔ اھاائیل۔

کہ وہ (کرم الٰہی) کی زبان میرے مخالفت میں بند کر دیں بے شک تجھ سے بڑا بند کرنے والا کوئی نہیں اور ان موکلات کو قسم دیتا ہوں میں تیری کہ میرا یہ کام ابھی اسی لمحے فوراً کر دیں اور بے شک اس کا سردار ہے موکل **حراکیل** جو کہ ہر لحہ تیری حمد وثناء اور اطاعت حروف صوامت سے کرتا ہے''۔

عمل تیار کرتے وقت ہرگز کسی سے بات نہ کریں اور بہتر ہے بعد عمل 543 بار حروف صوامت کے کلمات۔

احد' رسص' طعک' لموہ

بحق یا حراکیل یا حراکیل یا حراکیل

فلاں کی زبان فلاں کے حق میں بند

اختر بک ڈپو، فیصل بازار سرگودھا — ادارہ روحانیات

اسم ذات اللہ

لوح ثانی و طلسماتی خاص



تحریر:۔ سید عبدالخالق عباس (کراچی)

قارئین تحفہ روحانیات، السلام علیکم! اللہ پاک تمام حاجت مندوں کی حاجت روائی فرمائے تمام بیماروں کو اللہ پاک اپنے کرم سے شفا عطا فرمائیں آج میرے مضمون کا عنوان ہے "اسم ذات اللہ کی لوح ثانی وطلسماتی خاص" اللہ اسم ذات ہے اور اسم اعظم بھی۔ ماہرین علم جفر اس پر متفق ہیں کہ حقیقی اسم اعظم میں دو خصوصیات کا ہونا لازم ہے۔ اوّل یہ کہ حروف اوّل الف سے شروع ہوا۔ دوم اس کے تمام حروف بے نقطہ ہوں اللہ میں دونوں خصوصیات موجود ہیں۔ اللہ چار حروف نورانی کا مجموعہ ہے "ا ل ل ہ" جس کا مجموعہ "1+30+30+5=66" اسم ذات اللہ تمام صفاتی اسماء پر حاوی ہے۔ قرآن مجید میں سب سے پہلے اسی کا ذکر آیا ہے جو شخص اسم اللہ کا ذاکر ہے کوئی دوسرا شخص بسبب جلالت اس کی طرف دیکھنے کی جرأت نہیں کرسکتا۔ سورۃ حج میں آٹھ ایسی آیتیں موجود ہیں جن کے آخر میں اسم ذات کے ساتھ اسم صفات بھی شامل ہیں ان کی آٹھ آیتوں کو ورد کرنے سے بہشت کے آٹھ دروازے کھل جائیں گے۔ ان آیتوں کے ورد سے انسان شیطانوں کے شر سے محفوظ ہوگا کوئی مصیبت، غم، رنج نہ ہونے پائیگا زمانے کے بادشاہ ورد کرنے والے کے مددگار رہیں گے۔ یہ آٹھ آیتیں اللہ تعالیٰ کے خزانوں میں آٹھ خزانے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے بے بہا بھیدوں میں سے آٹھ بھید ہیں اور یہ آیتیں اسم اعظم سے خالی نہیں اسم ذات اللہ کو میں نے خاتم سلیمانی پر کیا ہے۔ یہ دو مثلیں ایک دوسرے کو قطع کرتی ہوئی ستارہ داؤدی بنا رہی ہیں۔ حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس جو نہایت زبردست قوت کی حامل انگوٹھی تھی۔ اس پر چھ کونوں والا ستارہ بنا ہوا تھا۔ اس خاتم سلیمانی کا ادراک کوئی صاحب نظر کرسکتا ہے۔ اسم ذات اللہ کی زکوٰۃ ادا کرے آپ اسم ذات اللہ کے عامل بن جائیں گے۔ نوچندی اتوار سات دنوں میں پڑھائی کر کے زکوٰۃ ادا کریں۔

کبیر	اکبر	کبائر	اکبر کبائر	اصغر	صغائر	اصغر صغائر
264	1056	4224	16896	33	17	9

اب تیاری کا طریقہ سمجھ لیں، بہتر ہے کہ اسے کسی سیارے کے شرف میں چاندی لوح پر کندہ کریں اگر کسی سیارے کا شرف قریب نہیں تو شرف قمر کو ہاتھ سے نہ جانے دیں، تیاری کے وقت الگ کمرے میں صندل یا گلاب اگربتی جلائیں، نقش لکھنے سے پہلے درود شریف 11 مرتبہ پڑھ لیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہدیہ کریں۔ اسم ذات اللہ کا نقش کندہ کریں۔

بس اتنا کام کرنے سے آپ کے پاس وہ قوت آگئی جس سے آپ زندگی بھر ہر مشکل میں کام لے سکتے ہیں۔ اسے محفوظ کرلیں تیار کر کے۔ بروز اتوار طلوع آفتاب کے فوراً بعد سفید رنگ کی مٹھائی پر ائمہ معصومین کی



نیاز دلائیں اور بچوں میں تقسیم کریں اس لوح کو ہرے ریشمی کپڑے میں رکھیں۔ عطر گلاب سے معطر کر کے رکھیں اب کسی بھی مشکل میں ان آٹھ آیات جو سورۃ مبارک حج کی آیت نمبر 58 تا 65 تک ہے مدد لیں۔ ان آیتوں کو ورد کرنے کا خاص کلیہ درج ذیل ہے۔

رزق میں کشادگی:۔ غربت سے چھٹکارہ کیلئے زبردست عمل ہے، آیت نمبر 58 "وان اللہ ھو خیر الرازقین" بعد از نماز عشاء اوّل و آخر درود شریف گیارہ بار 1372 مرتبہ آیت کو پڑھیں اس دوران نقش اسم ذات اللہ کو اپنے سامنے رکھیں اور اس پر نظر جما دیں بعد ازاں اپنے مقصد کیلئے دعا کریں اس عمل کی مدت 40 یوم تک ہے اور اگر مزید ہمت کرلیں تو 66 عدد نقش مبارک زعفران سے تیار کریں بروز اتوار صبح طلوع آفتاب کے فوراً بعد اور آٹے کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈالیں تو حیرت انگیز طور پر رزلٹ ملے گا اس طریقے سے ہر مشکل میں کام دیگا۔

تسخیر خلق و تسخیر محبوب:۔ آیت نمبر 59 "وان اللہ لعلیم حلیم" 391 بار پڑھیں۔ 5 دن تک ہر بندہ عزت واحترام کریگا یہ عمل استخارے کیلئے بھی کارآمد ہے۔ ان شاء اللہ آپ اپنے جائز مقصد میں کامیاب ہوں گے اور ایک بات یاد رکھیں اس عمل کے بارے میں کسی کو نہ بتائیں ورنہ اس عمل کی روحانی قوت سے محروم رہیں گے۔

مجھے اور ادارہ مکتبہ روحانیات کے بانی ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کو اپنی خاص دعاؤں میں یاد رکھیں اور ایک خاص اپیل ہے میرے نانا اور نانی کے ایصال ثواب کے لئے 21 بار چاقل پڑھ کر ایصال ثواب کردیں۔

طاہر نیوز ایجنسی، کچہری بازار خانیوال 0300-6899357 ادارہ روحانیات

اعمال گرہن

شرف قمر کا طلسمی نقش

تحریر
حکیم حافظ عتیق الرحمن ضیاء
(کراچی)

قارئین تحفہ روحانیات: اُمید ہے کہ دسمبر و جنوری 2017 عروج ماہ میں آنے والے شرف قمر کے اعمال سے آپ مستفید ہوئے ہونگے اس ماہ شرف قمر 3 فروری صبح 10:15 سے 11:58 کے درمیان ہوگا آپ حضرات کیلئے خاص طلسمی عددی نقش حاضر خدمت ہے اصولات کو مدنظر رکھتے ہوئے شرف قمر میں اس نقش کو بنا کر لاکٹ کی شکل میں گلے میں پہن لیں اس نقش کی تیاری کا طریقہ بے حد آسان ہے ایک گول دائرے بنا کر سیدھے ہاتھ کی طرف سے چڑھتے ہوئے چاند کی شبیہ بنائیں اور پھر ایک مثلث تکون بنائیں اور اس کے اندر نو خانے بنائیں۔

شرف قمر کا طلسمی نقش



جیسے واضح کیا گیا ہے تکون کے خانوں کے اندر قمر کا عددی نقش ۲ تا ۱۰ تک کندہ کریں اور تکون کے تینوں اطراف میں اعداد ۱۸۲، ۱۸۵، ۱۸۹ ترتیب سے لکھ لیں یہ اعداد اسم رحمٰن رحیم کے ہیں جو کہ سیارہ قمر سے منسوب ہیں اور چاند کی شبیہ کے اندر طلسم قمر بنالیں نقش بناتے وقت قمر کے بخورات کا استعمال لازمی کریں اگر عروج ماہ میں نقش کو بنائیں تو چاند کی 4 تاریخ سے لے کر چاند کی 14 تاریخ تک نقش کو رات کے وقت شیشے کے گلوب کے اندر رکھ کر چاند کی روشنی میں رکھیں اور صبح سورج نکلنے سے پہلے اٹھالیں اس تجمی عمل کے دوران بھی بخورات کی دھونی دیں واضح رہے کہ یہ مکمل نقش ایک طلسم کی حیثیت کا حامل ہے اور اہل مغرب کے ہاں چڑھتے ہوئے چاند کی شبیہ اور مثلث تکون ایک طلسم کا درجہ رکھتے ہیں۔ تکون کے نیچے جو جگہ خالی ہے میں عموماً اس میں زائچے کے سعد اثرات رکھنے والے سیارگان میں سے کسی ایک کا پتھر بھی جڑوا دیتا ہوں۔ آپ اپنی سوچ کے مطابق نقش تیار کرلیں۔

عزیزان من سیارہ قمر کا مختصر ذکر پچھلے کالم میں ہو چکا تھا کہ قمر ایک تیز ترین سیارہ ہے جو کہ اڑھائی دن ہر برج سے گزرتا ہوا اپنا 28 دن میں دورہ مکمل کرتا ہے اور اس کے سعد و نحس اثرات کا اثر اہل زمین پر پڑتا ہے۔ چاند ہر برج والوں کے لئے کیسا اثر رکھتا ہے پیش خدمت ہے۔

طالع برج حمل والوں کے لئے قمر چوتھے گھر کا حاکم سیارہ ہے اور اگر یہ شرف یافتہ اور نحوست سے پاک ہو تو اچھی حیثیت، دولت اور اعلیٰ عہدہ عطا کرتا ہے۔ ایک مضبوط و سعد امتزاج رکھنے والا قمر بطور اثاثہ کام کرتا ہے۔ بچپن میں ماں اور اس سے ملنے والی خوشیاں عطا کرتا ہے اور ابتدائی تعلیم پر حکومت کرتا ہے اور اسی طرح جوانی میں اذدواجی اور گھریلوں خوشیوں پر دلالت کرتا ہے اور اگر قمر زائچہ میں نحس جگہ واقع ہو یا نحس نظرات رکھتا ہو تو چوتھے گھر کی منسوبات کو تباہ کر دیتا ہے تعلیم میں رکاوٹ، ذہنی سکون سے محرومی، صدمہ یا والدہ کی طرف سے پریشانی وغیرہ کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس صورت میں تدارک کے لحاظ سے قمر کو تقویت دینے کیلئے نقش قمر پہنا یا جائے۔ محترم قارئین دیگر بروج کا اگلے ماہ انشاء اللہ ذکر کرونگا۔

چاند و سورج گرہن

ماہ رواں میں چاند اور سورج گرہن کے موقع پر کچھ اعمال قارئین کی پیش نظر ہیں اس سال کا پہلا چاند گرہن 11 فروری بروز ہفتہ بوقت سحر 03:32 پر آغاز، اور 05:44 پر مکمل اور اختتام 07:55 پذیر ہوگا، اسی طرح سورج گرہن 26 فروری بروز اتوار شام 05:10 پر آغاز، اور 07:58 پر مکمل اور اختتام رات 10:35 پذیر ہوگا۔ چاند یا سورج گرہن کا وقت مخصوص اثرات کا حامل ہوتا ہے۔ عموماً اس وقت میں حساسیت اور روحانیت اپنے عروج پر ہوتی ہے لہذا چند اعمال وقت کے لحاظ سے شائع کر رہا ہوں بہتر ہے کہ ان اعمال کو عین گرہن کے درمیانی اوقات میں کیا جائے

کیونکہ یہ وقت زیادہ موثر ہے حروف صوامت کی ذکات بھی اسی دوران دی جاتی ہے مگر وہ پھر کبھی ذکر کرونگا یہاں عام فہم اعمال خاص و عام کیلئے پیش خدمت ہیں۔ ہمارے معاشرے میں اکثر ازدواجی مسائل گھریلو ناچاقی ،شوہر یا بیوی کے طرف سے بے رخی اور محبت میں کمی کو دور کرنے کے لئے ایک مجرب عمل دیا جارہا ہے جو کہ نہایت آسان عمل ہے۔ جس سے صرف شادی شدہ افراد ہی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

میاں بیوی کی آپسی محبت

گرہن کے درمیانی وقت میں ایک سفید کاغذ پر کالی یا نیلی روشنائی سے پوری **بسم اللہ** لکھ کر سورہ **الم نشرح** پوری لکھیں پھر یہ آیت لکھیں۔

والقیت علیك محبة فلاں بن فلاں (یہاں مطلوب کا نام مع والدہ لکھیں) **علیٰ محبة فلاں بنت فلاں** (یہاں طالب کا نام مع والدہ لکھیں) **کما الفت بین آدم و حوا و بین یوسف و زلیخا و بین موسیٰ و صفورا و بین محمدؐ و خدیجة الکبریٰ و اصلح بین هما اصلاحاً فیه ابداً**

اب تمام تحریر کے اردگرد حاشیہ (چاروں طرف لکیر) لگا کر کاغذ کو تہہ کر کے تعویز بنالیں اور موم جامہ کر کے بازو پر باندھ لیں یا پھر اپنے تکیے میں رکھ لیں۔ خیال رہے کہ مندرجہ بالا نقوش لکھتے ہوئے باوضو رہیں، پاک صاف کپڑے پہنیں، علیحدہ کمرے کا انتخاب کریں، لکھنے کے دوران مکمل خاموشی اختیار کریں اور اپنے مقصد کو ذہن میں واضح رکھیں کہ آپ کیا چاہتے ہیں، رجال الغیب کا خیال رکھیں کہ آپ جس طرف رخ کر کے بیٹھے ہوں وہ آپ کے سامنے نہ ہوں، رجال الغیب 11 فروری کو شمال مغرب میں ہونگے لہذا آپ اپنا منہ جنوب مشرق کی طرف کریں۔ اور 26 فروری کو رجال الغیب شمال مشرق میں ہونگے لہذا آپ اپنا منہ جنوب مغرب کی طرف کریں۔

ناجائز و ناپسندیدہ تعلق کا خاتمہ

اکثر والدین اپنے بیٹے یا بیٹی کی ایسی محبت یا وابستگی سے پریشان رہتے ہیں جو ان کے نزدیک ناپسندیدہ ہوتی ہے اور وہ سمجھتے ہیں کہ ان کا لڑکا یا لڑکی غلط راستے پر چل رہے ہیں۔ ایسی صورت میں طریقہ یہ ہے کہ گرہن کے وقت علیحدہ کمرے میں باوضو بیٹھ کر مندرجہ ذیل سطور سفید کاغذ پر کالی یا نیلی روشنائی سے لکھیں اور کاغذ کو تہہ کر کے تعویذ کی شکل بنالیں اور پھر اس کاغذ کو بھاری وزنی چیز کے نیچے دبا دیں یا قبرستان میں دفن کر دیں، ان شاء اللہ دونوں کے درمیان علیحدگی ہو جائے گی۔

"احد رسص طعك لموه یا غفور یا غفور یا غفور بستم تعلق فلاں بن فلاں و بین فلاں بن فلاں عَقدَت قُلوبهم ابداً یا حراکیل بحق یا قابض یا مانع العجل العجل الساعة الساعة"

نوٹ: خیال رہے حروف صوامت کے اعمال اور دیے گئے چاند و سورج گرہن کے اعمال سے سوچ سمجھ کر فائدہ اٹھایا جائے۔ میاں بیوی کی محبت کا عمل کرنے سے پہلے یہ ضرور سوچ لیں کہ آیا ہم اپنے شرعی اور فطری حقوق کی ادائیگی کر رہے ہیں یا نہیں۔ اسی طرح ناجائز تعلقات کے عمل میں بھی غور و فکر سے کام لیں۔ اگر بچہ یا بچی حقیقی معنوں میں کسی کو پسند کرتے ہیں اور شادی کرنا چاہتے ہیں اور لڑکا یا لڑکی میں کسی قسم کی برائی بھی نہیں اور زاپکوں کا آپسی ملاپ بھی اچھا ہے۔ بلاوجہ والدین یا سرپرست اپنی انا کی خاطر ان اعمال سے گریز کریں۔

اعمال گرہن
زبان بندی کا نایاب عمل

تحریر: سید طارق علی زیدی (کراچی)

گرہن کا وقت غیر مبارک ہوتا ہے اس وقت وہ تمام اعمال کئے جا سکتے ہے جو منفی ہوں خاص طور سے زبان بندی وغیرہ اگر اپنے دشمنوں اور مخالفوں کی زبان بند کرنا مقصود ہو جس سے عزت و شہرت کو نقصان پہنچ رہا ہو تو اسم قابض کی ایک مثال کالی سیاہی سے لکھ کر بکری کھوپڑی میں رکھ کر یا منہ میں رکھ کر باندھ دے اور دریا میں پھینک دیں دشمن کی زبان بند ہو جائیگی۔

بستم بستم زبان فلاں بن فلاں بستم عقل گوش فهم عقل دل و یا عطرائیل بحق یا قابض یا اسرافیل **شش صدو ششت اعضائے بدن فلاں بن فلاں ازبد گفتن و بد خواستن و شرو فساد فی حق فلاں بن فلاں بحق صم بکم عمی فهم لا یرجعون** پہلے فلاں بن فلاں کی جگہ مقصد کا نام اور دوسرے فلاں بن فلاں کی جگہ اپنا نام لکھیں۔

۲۹۸	۳۰۵	۳۰۰
۳۰۳	۳۰۱	۲۹۹
۳۰۲	۲۹۷	۳۰۴

نقش کے نیچے عزیمت لازمی تحریر کریں

گرہن میں حروف صوامت کی زکات دے سکتے ہیں۔ سر درد، دانت درد اور جس قدر بھی عمل بندش کے ہیں ان کی زکوۃ اس میں دی جا سکتی ہے

اعمال گیلانی

دعائے سیفی عمل مجرب

تحریر:۔ پیر سید سبطین حیدر شاہ گیلانی (حجرہ شاہ مقیم)

قارئین تحفہ روحانیات! جیسا کہ پچھلے ماہ آیت کریمہ کے مجرب اعمال پیش کئے تھے اور آپ سے وعدہ کیا تھا کہ ماہ فروری میں میں دعائے سیفی کے ساتھ حاضر خدمت ہونگا اللہ نے ہمت دی اور آپ بھائیوں کی خدمت میں دوبارہ حاضر ہوا ہوں۔

ماہنامہ تحفہ روحانیات میں عملیات شائع کرنے کے بعد لوگوں نے مجبور کیا اور کچھ شوق بھی بڑھ گیا پھر زیادہ سے زیادہ عملیات پر تجربہ کی مہر ثبت کرنے کی کوشش کی ہے۔ ان تجربوں کے دوران جواہر خمسہ کی کتاب ہاتھ آئی تو اُس کتاب کے عملیات خود کرنا شروع کر دیئے اور کچھ ایک دوستوں کو بھی کروائے جن میں دعائے سیفی کا عمل میرا ذاتی مشاہدہ ہے اس کو مزید کرنے کی کوشش کی کامیابی حاصل ہوگئی ایک بار پھر عرض کئے دیتے ہیں جو کچھ بھی اس مضمون میں لکھا ہے وہ اپنے تجربہ کی بنیاد پر لکھا ہے۔

دعائے سیفی میں جواہر خمسہ کے مطابق کافی سارے وقفے ہیں اور وقفوں کے دوران مختلف ذکر ہیں آپ کی نذر کرتے ہیں تا کہ اس دعائے سیفی کے عامل اس سے مزید فائدہ اٹھا سکیں لیکن دعائے سیفی کی اجازت بہت ضروری ہے کسی بھی ولی کامل اپنے مرشد یا استاد سے لے کر شروع کی جاسکتی ہے۔ اس میں مرشد کا کامل ہونا بہت ضروری ہے۔ یہ جو طریقہ کار درج کیا جا رہا ہے وہ پہلے والی دعائے سیفی سے زیادہ مجرب ہے ایک دو کاموں کے لئے اس کو اس طرح پڑھا تو بہت فائدہ مند ثابت ہوئی ہے۔ اس کے فائدے دوبارہ درج کرتے ہیں تا کہ لوگوں کو مزید آسانی پیدا ہو۔

اسناد دعائے سیفی

دعائے سیفی مختلف دعاؤں کا مجموعہ ہے جو کہ حضور پاک ﷺ کو بارگاہ الٰہی سے باطنی طور پر تحفہ میں ملی تھیں۔ آپ ﷺ نے پھر باطنی میں ہی حضرت علی کرم اللہ وجہہ و عطا فرمائی تھی۔ جناب شیخ عبدالقادر جیلانی اس کے پہلے عامل تھے۔ آپ فرماتے ہیں کہ میں نے دعائے سیفی اتنی پڑھی ہے کہ میری زبان، میرا خیال، میرا ہاتھ، میری توجہ اور میری نگاہ بلکہ میرا سب کچھ سیف الرحمٰن بن گیا۔

خاندان قادریہ میں دعائے سیفی کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ یہ دعا پڑھنے والے کی روحانی استعداد اور قابلیت کے مطابق اس کے ظاہری باطنی اور دینی و دنیاوی کاموں میں معاون و مددگار ثابت ہوتی ہے لیکن ضروری ہے کہ پڑھنے والے کو کسی کامل مرد کی طرف سے اجازت حاصل ہو۔ **حضرت سلطان باھوؒ فرماتے ھیں** کہ آدمی کو کامل بننے کے لئے دعائے سیفی کو کسی کامل ولی اللہ کے پڑھنا ضروری ہے۔ اگر کوئی دشمن کو دوست بنانے کے لئے اپنی چارپائی پر بیٹھ کر بعد نماز عشاء اس طریقہ کے مطابق پڑھے تو دشمن دوست بن جائے گا۔ یاد رہے کہ اس حصہ میں ہم جو فائدے لکھ رہے ہیں وہ صرف اور صرف اس حصہ کے طریقوں کے مطابق پڑھو گے تو فائدہ دیں گے۔ حصہ اوّل والی شرائط اس پر منحصر نہیں ہیں اگر کوئی اس دعائے سیفی کو موجودہ طریقے کے مطابق ایک سال تک پڑھے بغیر ناغہ کے تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس سال کے دوران عامل سے کوئی گناہ سرزد نہ ہوگا اگر خدانخواستہ ہو بھی گیا تو معاف ہو جائے گا اور دو سال کی عبادت کا ثواب پائے گا۔ جو کوئی چاہے کہ دو آدمیوں کے درمیان **جدائی ھو** جائے تو پھر عامل کو چاہئے کہ پرانی قبر کو مٹی ایک مٹھی بھر لائے اور دعائے سیفی ایک بار اس پر پڑھ کر مٹی کو دم کرے اور یہ مٹی دونوں کے آستانوں میں ایک جانب کر کے گڑھا کھود کر دفن کرے تو دونوں میں جدائی ہوگی مگر ایسا کرنا اور کرانا جرم اور حرام ہے۔ اگر کوئی چاہے کہ اس کا **دشمن ھلاک ھو** جائے تو اس کو چاہئے کہ 41 دانے نئی گندم کے لائے دانے بھاری ہونے چاہئیں۔ تین رات دن زعفران کے پانی میں تر رکھے اس پانی کے نیچے برتن کے نیچے ایک بغیر استعمال شدہ چھری رکھے اور ایسی پوشیدہ جگہ اس کو رکھے کہ کسی دوسرے آدمی کو اس کا علم نہ ہونے پائے۔ پھر تیسرے دن ان دانوں کو باریک سوئی کے ساتھ کچے دھاگے میں پروئے اور ہر دانے پر ایک مرتبہ دعائے سیفی پڑھے اور پھر ان دانوں کو بے ثمر درخت کی سوکھی ہوئی ڈالی کے لٹکائے تو اللہ نے چاہا تو 41 دن کے اندر اندر دشمن برباد ہوگا۔ لیکن ایسا کرنا بھی حرام ہے۔ ہماری طرف سے اس عمل کی اجازت نہیں ہے۔ اگر کوئی اس عمل کو اپنے عمل میں لائے گا اور آدمی کو ہلاک کرے گا تو خود ذمہ دار ہوگا اگر کوئی شخص چاہے کہ ہماری **سات پشتوں تک دولت ختم نہ ھو** اس کو چاہئے کہ خالص شہد یا شربت انار جن میں زعفران کشمیری ملا ہو

ملک اللہ بخش نیوز ایجنٹ، ٹریفک چوک ڈیرہ غازی خان ادارہ روحانیات

پر پڑھ کر 41 دن خود اپنے اہل خانہ کو پلایا کرے۔ ان شاءاللہ اس کے خاندان میں کبھی بھی دولت زائل نہ ہوگی۔ اگر کوئی چاہئے کہ تمام **مخلوق مسخر ہو** یا میرے مطیع ہوں تو اس کو چاہئے کہ زعفران اور مشک دونوں ملا کر آب باراں میں حل کر کے پوری دعائے سیفی خوش خط کاغذ پر لکھے اور موم جامے میں لپیٹ کر چاندی میں بند کروالے اور اپنے پاس رکھے اور روزانہ ورد رکھے۔ ان شاء اللہ **مخلوق مطیع** ہوگی۔ اگر کوئی چاہے کہ نیزہ یا تیر تلوار میرے پر کارگر نہ ہوں تو ان شاءاللہ نہ ہوگا۔ بھاگے ہوئے کی واپسی کے لئے بھی بہت مجرب ہے۔

اگر کوئی شخص اپنے **کام میں عاجز ہو** اور کوئی تدبیر کارگر ثابت نہ ہو رہی ہو تو شب جمعہ آدمی رات کو اُٹھے غسل کر کے نئے یا صاف دھلائی شدہ کپڑے پہنے اور دو رکعت نماز نفل ادا کر کے پھر گیارہ مرتبہ سورہ یاسین کی تلاوت کرے اور پھر نو بار درود ابراہیمی پڑھے اس کے بعد مندرجہ ذیل طریقے پر دعائے سیفی پڑھے ان شاء اللہ تین دن کے اندر اندر مشکل سے مشکل کام آسان ہو اور کارسازی ہو۔ اگر کوئی **قید خانے میں** 41 مرتبہ ہر روز پڑھے اور اس کا ثواب غوث، قطب ابدال تمام کے پیش کرے اور پھر بعد 41 مرتبہ دعائے سیفی پڑھے ان شاء اللہ بہت جلد ہی رہائی پائے گا اس کے عامل کو سانپ بچھو وغیرہ اثر نہیں کرتے اور اگر کوئی زہریلا جانور چرند پرند کاٹ لے تو اس کو دم کرے فائدہ پہنچائے۔

اگر کسی کو **سزائے موت ہوگئی** ہو یا اس کو قتل کرنے پر لوگ تلے ہوں تو اس کے پڑھنے سے قتل کرنے والے غالب نہ آئیں گے۔ جابر سلطان کے سامنے جانے کے لئے پہلے ایک ہزار مرتبہ **یا حی یا قیوم** کا ذکر کرے پڑھ یہ پڑھے تو ان شاءاللہ دشمن پر غالب آئے گا۔ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو اور یہ نہ معلوم ہو کہ کون لے گیا ہے چاہئے کہ شب جمعرات دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ الشمس ایک بار اور دوسری میں سورۃ والضحیٰ اور الم نشرح ایک ایک بار پڑھے پھر 41 مرتبہ اس دعائے سیفی کو پڑھے اور سو جائے تو ان شاءاللہ پلے دن ہی چور خواب میں نظر آجائے گا۔ اگر کسی کو کوئی مہم پیش آجائے تو جس کا کوئی حل نظر نہ آرہا ہو تو چاہئے کہ نو چندی جمعرات کو روزہ رکھے اور آئندہ جمعہ تک روزے رکھتا رہے اور ہر روز افطاری کے بعد 25 مرتبہ پڑھے تو ان شاءاللہ خواب میں جلد ہی کوئی حل نظر آجائے گا۔

اس دعا کے پڑھنے والے کے **گھر میں چور** داخل نہ ہوگا بلکہ جس جگہ سوئے گا پورے گاؤں یا محلہ میں چور کبھی بھی نہ آئے گا۔ اس کے وظیفہ کرنے والے کے ساتھ کوئی حادثہ نہ پیش آئے گا۔ اس کو زعفران کے ساتھ لکھ کر کند ذہن کو پلائیں تو **حافظہ تیز ہو** گا۔ اگر کوئی اس کو لکھ کر زعفران عنبر کے ساتھ اپنے سرہانے رکھے اور عورت کے ساتھ ہم بستر ہو تو ان شاءاللہ **فرزند پیدا ہو** گا۔ اگر کوئی بھاگ گیا ہو تو اس کے تصور میں اس کو لکھ کر ڈبیہ میں بند کر دیں۔ ان شاءاللہ سات دن کے اندر اندر **بھاگا ہوا واپس آئے** گا۔ اگر کوئی قرض دار اس کو پڑھے تو **قرضہ سے نجات** پائے گا۔ اگر کوئی صاحب اولاد ہے اور مالی طور پر مستحکم نہیں ہے تو روزانہ پڑھنے کے بعد پانی پر دم کر کے پانی پیا کرے ان شاء اللہ **صاحب ثروت ہو** گا۔ اگر کوئی **نامرد** متواتر چالیس روز تک روزہ رکھے اور ہر روز 41 مرتبہ پڑھے گا تو ان شاءاللہ تعالیٰ مرد ہو جائے گا۔

اگر کسی **مریض کو** طبیبوں، ڈاکٹروں نے جواب دے دیا ہو تو اس کو زعفران کے ساتھ چینی کے برتن پر لکھ کر دیں تو ان شاءاللہ آرام ہو جائے گا۔ **مرگی والے** کو بھی شفا ہوگی اگر کوئی گھوڑے کی گردن میں زعفران کے ساتھ لکھ کر باندھ دے تو ان شاءاللہ اس **گھوڑ دوڑ مقابلہ** کوئی بھی گھوڑا نہ کر پائے گا۔ **توسیع رزق** کی نیت سے پڑھی جائے تو فراغت ہوگی۔ جو کوئی اس کو ہر روز 41 مرتبہ پڑھا کرے گا ان شاء اللہ **ولایت کے اعلیٰ درجے** پر فائز ہوگا۔ اگر کوئی کسی خون خرابہ میں پھنس گیا ہو اس کو چاہئے کہ دو رکعت نفل ادا کرے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد 41 مرتبہ سورہ اخلاص پڑھا کرے پھر دعائے سیفی پڑھے ان شاء اللہ **خون خرابہ سے نجات** پائے گا۔ اگر کوئی **فقر و فاقہ** میں ہو تو اس کو چاہئے کہ فجر کی نماز سے پہلے دو رکعت نماز نفل ادا کرے۔ سورۃ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی 41 مرتبہ اور سورۃ اخلاص تین بار پڑھے پھر سلام پھیرنے کے بعد ایک سو ایک بار درود ابراہیمی اور پھر ایک بار دعائے سیفی پڑھے اور ناغہ نہ ہونے دے۔ ان شاءاللہ **ایک سال کے اندر اندر امیر و کبیر** ہو جائیگا۔

حضرت محمد غوث گوالیاری اپنی ایک تصنیف میں فرماتے ہیں کہ اگر کوئی چاہے کہ **دیو، جن، بھوت، پری قبضہ میں کرنا** چاہئے کہ عصر کے وقت غسل کر کے اچھے کپڑے پہنے، عطر وغیرہ لگائے اور اپنے اوپر حصار کرے۔ آیت الکرسی اور چاروں قل کا حصار کرے پھر دو رکعت نفل ادا کرے پھر مغرب ادا کرے پھر بعد نماز مغرب دعاء سیفی پڑھے۔ یہ تمام کام باہر غیر آباد علاقہ میں کرنا ہوگا اس طرح مسلسل ہر روز لگاتار کرتا رہے۔ ان شاءاللہ چند دنوں میں ہر چیز تابع ہوگی مگر مصنف نے ابھی تک اس کو نہیں کیا ہے۔ اس کے علاوہ جو بھی فضائل لکھے جا رہے ہیں

تمام کے تمام مجرب ہیں اور مصنف کے تجربات کا حصہ ہیں۔ اگر کسی کا **کاروبار بند ہو** گیا ہو یا کوئی بھی کام نہ چل رہا ہو تو اس کو چاہئے کہ بعد نماز عشاء سات بار دعائے سیفی ننگے سر آسمان کے تلے پڑھے اور پہلے دو رکعت ادا کرے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اذا جاء 70 بار پڑھے پھر بعد کھڑا ہو جائے اور سوئم کلمہ ایک سو مرتبہ پڑھے، پھر دعائے سیفی شروع کرے۔ ان شاء اللہ اکتالیس دنوں کے اندر اندر غیب سے کاروبار چلنے کا اشارہ مل جائے گا۔ اگر دعائے سیفی کے اَسناد لکھنا شروع کر دیئے جائیں تو کم از کم 200 صفحات کا ایک کتابچہ تیار ہو جائے گا۔ ہر عمل کرنے کی تاثیر ہر عامل پر علیحدہ علیحدہ رونما ہوتی ہے۔ آزمائش شرط ہے۔ اس کے پڑھنے سے قادری سلسلہ میں بیعت ہونا ضروری ہے کیونکہ قادری سلسلہ والوں کا یہ سب سے آخری عمل ہوتا ہے۔ اگر کسی کو اجازت مل جائے تو پھر بات ہے۔ ورنہ اس کی کوئی اوقات نہیں ہے۔

دعائے سیفی پڑھنے کی شرائط

(1) دعائے سیفی پڑھنے کے لئے کسی کامل مرشد یا کامل ولی کے ہاتھوں بیعت ہونا ضروری ہے۔ نیز کسی کامل کی اجازت کا ہونا بھی ضروری ہے۔

(2) دعائے سیفی کو کسی کامل ولی صاحب کشف کے پڑھنے سے زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔

(3) دعائے سیفی کو پڑھنے سے پہلے سورۃ یاسین یا مزمل شریف پڑھنا ضروری ہے۔ مگر سورۃ یاسین زیادہ فائدہ مند ہے۔

(4) چلہ کے دوران کم از کم پانچ مرتبہ پڑھنا ضروری ہے۔

(5) دعائے سیفی کے چلہ کے دوران پرہیز جلالی جمالی بہت ضروری ہے۔

(6) دوران وظیفہ بدکلامی سے پرہیز کریں۔

(7) بہتر ہے کہ راہ سلوک یعنی کہ تصوف کی راہ پر چلنے کے لئے پڑھی جائے تو بہتر ہے ورنہ دنیاوی کام کے لئے بھی پڑھی جاسکتی ہے۔

(8) دنیاوی کام ہونے پر بعد میں پڑھنا بند کر دیں۔

(9) دعائے سیفی پڑھنے سے پہلے حصار بہت ضروری ہے۔ جس کا ذکر آگے آئے گا۔

(10) دعائے سیفی پڑھتے وقت رجال الغیب کا خیال رکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

(11) دعائے سیفی کے عمل جاری ہونے پر خواب میں شیشہ، تلوار، مرغ، فوج، سپاہی، حاکم ملنے پر کامیابی کی دلیل ہے۔

(12) اگر خواب میں کتا، بندر، گیدڑ، شیر، چیتا، ہاتھی، کوا، لومڑ، بیل، گائے، بھینس، بکری نظر آئیں تو پھر سمجھیں کہ عمل میں ناکامی کا سامنا ہو رہا ہے۔ اگر کوئی بھی خواب نہ آئے تو پھر عمل کو جاری رکھیں۔ اگر ناکام ہونے کے خواب آنے شروع ہو جائیں تو پھر چلہ بند کر دیں رجعت کا زیادہ خطرہ ہوگا۔

عمل شروع کرنے کا طریقہ :۔ دعائے سیفی کو اگر آپ زیادہ کامیاب بنانا ضروری سمجھتے ہیں تو پھر اس کے کامل طریقے دو ہیں۔

پہلا طریقہ:۔ نماز فجر ادا کرنے سے پہلے اور تہجد گزارنے کے بعد بہت اچھا ہے دوسرا طریقہ بعد نماز فجر بھی کامیاب طریقہ ہے۔ اس کے علاوہ چلہ کرنے کے لئے اور کوئی طریقہ اچھا نہیں ہے۔ پنجگانہ نماز بھی لازمی ادا کرنا ہے۔ حصار بہت ضروری ہے۔ حصار کے لئے الحمد شریف، آیت الکرسی، چاروں قل پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں پھر شروع کریں۔ واضح ہو جائے کہ دعائے سیفی میں بعض جگہ پر حروف مقطعات

ش۔ س ۔ ف۔ ق۔ ش۔ م ۔ ص۔ م۔ ش۔ك۔
ق۔ ش۔ م۔ ص۔ م۔ ش۔ك۔ ف۔ ق

آئے ہیں وہاں پر اپنے دل ہی دل میں اپنا مقصد بیان کریں اور جس جس مقامات میں جو کچھ لکھا ہوا ہے ترتیب وار پڑھیں۔ چند اشاروں پر جو اشارے کے آگے لکھا ہوا ہے اس کا جتنا لکھا ہوا ہے ذکر کریں۔ کسی خاص مقصد کے لئے شروع کرتے وقت یہ خیال رکھیں کہ جب آپ کا مقصد پورا ہو جائے تو پھر بند کر دیں۔ بہر حال بھٹکے ہوئے لوگوں کیلئے جو کہ تصوف کی راہ میں رجعت پذیر ہو گئے ہوں ان کے لئے پڑھنا کافی کارآمد ثابت ہوتا ہے۔

قارئین تحفہ روحانیات! درج ذیل نقش سورج گرہن کے اوقات میں بنا کر رکھ لیں۔ فلاں بن فلاں کی جگہ کچھ نہ لکھیں۔ اس کے بعد جب بھی ضرورت ہو تو فلاں بن فلاں کی جگہ بروز اتوار زحل کی ساعت میں رجال الغیب کو مدنظر رکھ کر اس شخص کا نام لکھیں جس کی نیند باندھنی ہے رات کو یہ نقش سرہانے رکھ کر سو جائیں مخالف تمام رات سو نہیں سکے گا۔ عمل جائز جگہ کریں ناجائز عمل کرنے والا رجعت عمل کا ذمہ دار خود ہوگا۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ فلاں بن فلاں اَھلًیَا اَشرَاھِیَا
یَا قَابِضُ یَا قَابِضُ یَا قَابِضُ
عحه عحح عم ۱۱۳ عن عف عق

آسان مجرب عملیات

تحریر
صوفی ظفر محمد کھوکھر
جھنگ صدر

قارئین تحفہ روحانیات! ہمیشہ مجرب اعمال کے ساتھ حاضر خدمت ہوتا ہوں اس بار بھی اپنے چند مجرب اعمال کے ساتھ حاضر ہوں اُمید کرتا ہوں اس بار کے بھی عملیات شائقین روحانیت کی تشنگی کو کسی حد تک کم کردے گی۔

محبت میں گرفتار کرنا

عمل نمبر1 :۔اس پڑھائی کو 313 بار تہجد کی نماز کے نفل پڑھنے کے بعد روزانہ اٹھائیس دن پڑھا کریں، بڑے گوشت اور بدبودار چیزوں کا پرہیز لازم ہے جواب تک کامیاب نہیں ہوئے وہ کریں صدقہ پڑھائی سے پہلے دیں پھر ہر ہفتہ بعد دیا کریں چاند چڑھنے پر سعد دن جعفریہ یا مزمل جنتری سے دیکھ کر عمل شروع کریں۔عمل سے پہلے سوا کلو برفی بچوں، بڑوں میں تقسیم کریں۔

عمل نمبر2 :۔عشاء کی نماز باجماعت ادا کرنے کے بعد گھر آ کر بستر پر سونے سے پہلے ضروری حاجات سے فارغ ہو کر وضو کر کے مطلوب کے گھر کی طرف منہ کر کے سات سو بار یہ پڑھ کر اسی جگہ سو جایا کریں اکتالیس رات کرنا ہے بڑے گوشت، لہسن، پیاز، چٹنی کا پرہیز ہے کسی سے اپنا جسم مَس نہیں کرنا یہ شرط ہے۔پڑھائی یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ اِنْ تَسْخِرْلِیْ قَلْبَ فُلاں عَلٰی مُحَبَّتِیْ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ بعد میں دعا کر کے اس طرف دم کر کے کچھ دیر تصور کریں۔پھر سو جائیں تو زیادہ بہتر ہے۔

بھاگنے والے کو واپس بلانا

صبح کی نماز کے بعد یا تہجد کے بعد دو زانو سورۃ قصص تین بار پڑھ کر دعا اس طرح کرے فلاں بندے کو حاضر کردے چاروں طرف پھونک مار دیا کریں اس طرح مغرب کی نماز کے بعد تین بار سورہ قصص پڑھ کر پھر زبان سے بولیں فلاں بندے کو حاضر کردے چاروں طرف دم کر کے اُٹھ کھڑے ہوں۔قرآن مجید سے دیکھ کر بھی پڑھ سکتے ہیں۔دو ماہ آخری میعاد ہے۔اگر غائب زندہ ہے تو آئے گا ورنہ خواب میں بتا دیا جائے گا۔روحانیت کے منکر تجربہ کریں پاک کلام میں کتنی زبردست طاقت ہے۔

دشمن کو مغلوب کرنا

ظہر کی نماز پڑھ کر سورہ تمر اپنے پاس کالی مرچ پسی ہوئی رکھ کر پڑھنا شروع کردیں۔جب آیت **رَبِّہٖ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ** پر پہنچیں تو اس کو ایک سو ایک بار پڑھ کر پسی ہوئی مرچ پر دم کردیں پھر بقایا سورہ پوری کر کے دعا کریں۔اس طرح یہ سورۂ تین بار پڑھیں اور کالی مرچ کو دشمن کے دروازے پر ڈال دیں جب موقع ملے یہ اکیس دن مقررہ وقت پر کرنا ہے ایک پاؤں ایک چھٹانک گوشت روز ویران جگہ یا اپنی چھت پر ڈال دیا کریں۔اکیس دن کے بعد تین کلو مٹھائی پر اس سورۂ کے مؤکلات کی نیاز اور اہل بیت کی نیاز دلا کر بچوں، بڑوں میں تقسیم کرنا لازم ہے اور اس عمل کو جائز جگہ استعمال کرنا شرط ہے ورنہ نقصان کے خود ذمہ دار ہوں گے۔

کسی بھی قسم کی بندش کھولنا

اس پڑھائی کو نو چندی پیر کو عشاء کے بعد سوا کلو گوشت ویران جگہ رکھ کر پھر گھر آ کر وضو کر کے پانچ سو بار اکیس روز پڑھے تاکہ عمل میں آجائے ہر پیر والے دن حضرت خضر علیہ السلام کی نیاز میٹھی چیز پر دلا کر بچوں میں بانٹ دیا کرے یا دریا میں ڈال دیا کریں، زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد چودہ بار ورد رکھے جب ضرورت ہو پانی پر ایک سو ایک بار دم کر کے چھڑکنے کو دے، تین دن یہی عمل روز کرے، ہر چیز خلاص ہوگی۔عمل یہ ہے:

یَا مُخْلِصُ یَا مَخْلُوْصُ یَا خَالِصُ یَا اِخْلَاصُ یا حضرت خواجہ خضر بندی وان کی بند کر خلاص۔

دشمنی ختم کرنے کا وظیفہ

خاندان میں اگر آپسی رنجش یا کسی بات پر ناراضگی ہوگئی ہو تو اُسے ختم کرنے کیلئے پانی پر 786 مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر مخالف یا دشمن کو پلا دیا جائے تو ان شاءاللہ وہ مخالفت چھوڑ دیگا اور محبت کرنے لگے گا اور اگر موافق (یعنی دوست) کو پلا دیں تو محبت بڑھ جائیگی اور کبھی ختم نہ ہوگی۔

مقبول عام کتب خانہ، اردو بازار اٹک 0321-5715076 ادارہ روحانیات

مجربات قریشی

تحریر:۔
مصدق قریشی
(ایبٹ آباد)

قارئین تحفہ روحانیات پچھلے ماہ چند مجربات کے ساتھ حاضر ہوا تھا اُسی سلسلہ کو مزید بڑھاتے ہوئے چند مجربات مزید شائع کروا رہا ہوں اُمید ہے کہ قارئین پہلے کی طرح پسند فرمائیں گے۔

عمل عجیب برائے استخارہ و بیماری

ہر مرض، ہر دُکھ، ہر غم کے لئے سریع الاثر عمل ہے۔ ایک سرکنڈا (کانا) لیں۔ اس کو چیر کر نصف کر لیں۔ لمبائی کے رخ چیریں اور ایک بالشت 2 انگل کی لمبائی رکھ کر مریض کے سامنے بیٹھ کر عمل پڑھنا شروع کریں۔ اگر مریض دُور ہو تو تصور یا سامنے تصویر پر رکھ کر پڑھیں اور عمل ہذا چار بار پڑھ کر مریض اور کانا (سرکنڈہ) پر پھونک مار دیں اور کانا مریض کے سرہانے رکھ دیں۔ 3 گھنٹہ کے بعد ملاحظہ کریں کہ کانا لمبائی میں ضرور بضرور کچھ بڑھے گا۔ پھر ایک بالشت 2 انگل ناپ کر کانا کاٹ لیں۔ پھر بدستور عمل پڑھ کر مریض اور کانا پر دم کریں کانا مریض کے سرہانے کے نیچے رکھ دیں۔ جس طرح کانا گھٹتا جائے گا اتنا مرض گھٹ جائے گا۔ جب کانا بڑھنا رُک جائے تو سمجھیں شفائے کامل عطا ہوگئی ہے۔

ہاں اگر ابتدا سے کانا نہ بڑھے پورا ایک بالشت 2 اُنگل رہے تو یہ مریض کے لئے خطرناک علامت ہے۔ گویا شفاء کی اُمید کم ہے۔

اس عمل سے آپ استخارہ بھی کر سکتے ہیں۔ میں نے بہت ہی مرتبہ آزمایا ہے۔ اگر کانا بڑھ جائے گا تو کام ہو جائے گا اگر نہ بڑھے گا تو کام نہ ہوگا۔ بدستور سابق پڑھ کر اپنے کام کا ارادہ کر کے کانا پر پھونک مار دیں اور کانا محفوظ جگہ پر رکھ دیں۔ اور 3 گھنٹے بعد دیکھ لیں۔ عمل ذیل ہے۔

وضو کر کے 11+11 بار درود ابراہیمی۔ درمیان میں 4 مرتبہ سورۃ الناس پڑھیں مگر اس طرح جس جگہ ''ناس'' کا لفظ آئے۔ ناس۔ ناس۔ تین بار کہے۔ مثلاً قل اعوذ برب الناس۔ ''ناس''۔ ''ناس''۔ ''ناس''

نقش عجیب

میں بہت عرصہ پہلے ایک خاص تعویز دیا کرتا تھا۔ جو ہر کام میں مدد کرتا تھا۔ اپنی زندگی کے ابتدائی دور میں اس نقش سے کام لیا کرتا تھا اور حاجت مندوں کا اس سے کام ہو جاتا تھا۔ یہ عمل ہر نئے چاند کی چار تاریخ کو ہو سکتا ہے۔ اس نقش کے مؤکلات متحرک قوت کے مالک ہیں اور اس ایک دن میں ایک ہی غرض کے لئے ایک کام لیا جا سکتا ہے۔ دوسرے مقصد کے لئے ضرورت ہو تو آئندہ ماہ کے چاند کی 4 تاریخ کا انتظار کرو۔ چاند کی 4 تاریخ کو سورج نکلنے کے بعد دن 12 بجے کسی ساعت سعد میں اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھو اور نیچے نام طالب معہ والدہ اور نام مطلوب معہ والدہ لکھو۔ اگر کوئی یا مقصد ہو تو وہ بھی لکھیں اس نقش کو سامنے رکھ کر 536 (پانچ سو چھتیس) مرتبہ یہ عزیمت پڑھو،

کالی چڑی نَس بھری انت فی امری

اپنا نام لو معہ والدہ کی محبت میں فلاں بن فلاں (نام مطلوب) بے قرار کرو۔ اب نقش کو اونچی جگہ لٹکا دو۔ جہاں ہوا سے ہلتا رہے۔ پھر دوسرے دن اس نقش کو اُتار کر اِس عزیمت کو اتنی ہی مرتبہ پڑھیں اور دَم کر کے الٹی جگہ پر لٹکا دو۔ چار دن ایسا ہی کرو۔ کامل اُمید ہے کہ چار دن میں مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔ یا کوئی دشمن ہے تو دوست بن جائے گا۔ یا کوئی کام ہو تو وہ کام پورا ہو جائے گا۔ نقش ذیل ہے:



طلسم زبان بندی

یہ عجیب تحفہ پیش خدمت ہے۔ ویسے تو کئی زبان بندی کے عمل تحریر کئے جا چکے ہیں۔ مگر یہ طلسم اپنے اندر حیرت انگیز اثر رکھتا ہے۔ جب قمر در عقرب ہو جو کہ ہر ماہ آتا ہے مزمل روحانی جنتری 2017ء میں پورے سال میں ہر

ماہ لگنے والے قمر درعقرب کے اوقات شائع کئے گئے ہیں ۔قارئین کی سہولت کیلئے بھی تحفہ روحانیات شروع کے صفحات میں ہر ماہ باقاعدگی سے قمر درعقرب کی اوقات بارے شائع کیا جاتا ہے۔ اس عزیمت کو 101 مرتبہ کالی سیاہی سے لوہے کے نب سے لکھ لیا کریں۔ یعنی کہ 101 تعویز لکھا کریں۔ بعدازاں اِن کو پرانی قبر میں دفن کرایا کریں۔ ہر ماہ قمر درعقرب میں ایسا پُر کرنا ہوگا۔ یعنی اس کا چلہ ہے۔ ایک ماہ تک عمل قابو میں رہتا ہے۔ بعد ایک سال کے چلہ آپ کو حیرت انگیز اخراجات دکھائے گا۔ جو کہ نہایت پُر تاثیر ہوں گے۔ بعض لوگوں کو جو عامل ہوتے ہیں۔ یا جن کی قوت ارادی اچھی ہو ان کو پہلے ہی ماہ میں کامیابی ہو جاتی ہے۔ جو لوگ سال بھر چلہ کرتے ہیں اور ساتھ عمل بھی چلاتے رہتے ہیں۔ ان کو بہت بڑی طاقت ہو جاتی ہے۔ اس طلسم کو لکھ کر اگر اپنے پاس رکھا جائے تو تمام دشمنوں اور بدگویوں کی زبان بند ہو جائے گی۔ اگر لکھ کر درخت پر باندھ دیا جائے تو درخت سُوکھ جائے گا پھل نہ دے گا۔ مرغی کے پاؤں پر باندھا جائے تو انڈہ نہ دے گی۔ عورت کے گلے میں ڈالو گے تو عمل نہ ہوگا۔ طلسم ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
عمھوصھ اربع باشد صماھمہ
صلع صلع احمی سعھل لا شھد
اللہ الہ لا الہ الا اللہ والملائکتہ
والواالعلم قائما بالقسط
لا الہ الا ھوالعزیز الحکیم

طلسم بغض

یہ عمل بطور تماشہ نہیں کرنا چاہئے ۔ جہاں دو آدمی مل کر آپ کو بہت نقصان پہنچا رہے ہو۔ آپ کو کوئی دوسرا راستہ نظر نہ آتا ہو وہاں پر اس عمل سے کام لیں۔ ناجائز کرنے والا اپنا فوز ذمہ دار ہوگا۔ بندہ اور ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب بری الذمہ ہوں گے۔ فلفل گرد (کالی مرچ) 40 دانے لاؤ۔ ہر دانہ پر ایک بار عزیمت پڑھ کر دم کریں۔ اس طرح تمام دانوں پر پڑھنے کے بعد ان دانوں کے تین حصے کر لیں پہلے حصہ کو دریا کے قریب دفن کر دیں۔ دوسرا حصہ کو پرانی قبر میں دفن کر دو۔ تیسرا حصہ آگ کے نزدیک دفن کراؤ۔ تاکہ گرمی پہنچتی رہے۔ یہ عمل ہفتہ کے روز طلوع آفتاب کے وقت کرنا ہوگا۔ یہ عمل کرتا وقت منہ میں کالی مرچ رکھ لیں اور بخور گوگل یا دال کا جلائیں۔ عمل ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن القارعہ اھیاً اشراھیاً افبارت و بحق عربی و چھار یا ر کبار رضوان اللہ علیھم اجمعین برحمتک یاارحم الراحمین البغض فلاں بن فلاں و فلاں بن فلاں ۔

ہر دو دوستوں میں بغض / نفرت پیدا ہو جائے گی۔

نماز بخت کشاء

ان بہن / بھائیوں کے لئے عمل ہے جن کی شادی نہیں ہوتی۔ بروز بدھ، جمعرات ۔ جمعہ بعد از نماز عشاء کے بعد یہ بہ نیت بخت کشائی اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں الحمد للہ شریف کے بعد سورہ یٰسین پڑھی جائے۔ اُمید ہے کہ خداوند کریم غنی کر دیں اور اس طرح بخت کشائی بھی ہو جائے گی۔

(2) ایک عمل اور ہے جو امام جعفر صادق سے مسنون ہے کہ سورہ کہف کو باریک سفید کاغذ پر لکھ کر ایک تنگ منہ پیشی میں رکھ لیں۔ اِسی شیشی کو مکان کے اندھیرے میں اس طرح رکھیں کہ کوئی آدمی وہاں نہ جائے نہ اُٹھائے۔ ان شاء اللہ بخت کشائی ہر قسم کی ہو جائے گی۔

(3) تنگ دستی سے نجات پانے کیلئے ایک ہی نشست میں تیس ہزار مرتبہ استغفر اللہ ربی اَتوب الیہ پڑھ لیں۔ عمل ذرا مشکل لیکن جس قدر مشکل ہے اتنا ہی مؤثر ہے۔

(4) برائے نکاح، جو شخص سورۃ طٰہٰ پڑھے اور پھر جہاں نکاح کے لئے رشتہ بھیجے اسے کامیابی حاصل ہو۔

مجرب اعمال

بیاد گار:۔ پیر سید وارث علی شاہ جیلانی (فیصل آباد)

سورج یا چاند گرہن کے وقت جاری پانی میں کھڑے ہو کر پانی ناف تک ہو۔ 101 بار سورۃ اخلاص پڑھے۔ مداوت کیلئے روزانہ سات بار پڑھ لیا کرے میاں بیوی دوست احباب کی ناچاقی ختم کرنے کیلئے جس میٹھی چیز پر دم کر کے کھانے کیلئے دیگا وہ محبت میں دیوانہ ہوگا۔ ناجائز طور پر یہ عمل نا کرے ایسے میں عمل ضائع ہونے اور جعت کا اندیشہ ہے۔

دست غیب :۔ سورۃ اخلاص پچیس ہزار مرتبہ روزانہ باروزہ پڑھے مدت عمل 40 یوم ہے ان شاء اللہ اگر اللہ کو منظور ہوا تو دست غیب جاری وہ جائیگا۔ جب دست غیب حاصل ہو تو کسی کو بھی اس کے بارے میں نہ بتائیں۔

علم جفر اور بنیادی اصول

قسط نمبر 25

حروف تہجی کے عملیات

تحریر
سید حیدر رضا حیدری
(کوئٹہ)

قارئین تحفہ روحانیات! علم جفر کے بنیادی اصول سمجھاتے ہوئے مجھے تقریباً 2 سال ہو گئے ہیں۔ جس دوران مجھے قارئین سے بے انتہا محبت ملی۔ اسی محبت کی وجہ ہے کہ دو سال کیسے گزر گئے معلوم ہی نہ ہوا۔ اس تیز ترین دور میں قارئین مجھ جیسے ناچیز کیلئے اپنا قیمتی وقت نکال کر بے شمار خطوط ادارہ میں مضمون کی پسندیدگی کا اظہار کرنے کیلئے لکھے اور ٹیلی فون کئے۔ جس بارے میں مجھے ادارہ سے وقتاً فوقتاً معلومات ملتی رہی۔ میں اپنے اُن تمام چاہنے والوں کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں اور دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ اُن تمام قارئین کی دلی مراد پوری کرے اور زیارت نبی کریمؐ اور زیارت مولا علیؑ اور زیارت حسنؑ و حسینؑ نصیب فرمائے (آمین)

عربی حروف تہجی: ۔عربی میں کل 28 حروف ہیں اور اُردو میں یہ حروف زائد ہیں۔ پ۔ ٹ۔ ڈ۔ ڑ۔ ژ۔ گ۔ اسی لئے اہل معرفت نے ان زائد شدہ حروف کی اعدادی قیمت لگائی ہی نہیں مگر اس لئے کہ یہ حروف ملکوتی کے مشابہ ہیں ان کو انہی کے تابع قرار دیا۔

پ ب کے مشابہ ہے اس کے عدد ۲ ہیں۔ ٹ ت کے مشابہ ہے اس کے اعداد ۴۰۰ ہیں۔ چ ج کے مشابہ ہے اس کے اعداد ۳۔ ڈ د کے مشابہ اس کے اعداد ۴ اور ڑ۔ ژ کے مشابہ ہے اس کے اعداد ۲۰۰ ہیں۔ ژ۔ ز کے مشابہ ہے اس کے ۷ اعداد ہیں۔ گ ک کے مشابہ ہے اس کے اعداد ۲۰ ہیں۔

استاد العالمین حضرت محمد غوث صاحب گوالیاریؒ ارشاد فرماتے ہیں یہ اٹھائیس حروف اصل میں اٹھائیس نام اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے ہیں۔ ہر حرف کا ایک موکل روحانی ہے۔ جو اس اسم الٰہی کے ذکر میں مشغول ہے۔ اصل حروف بسیط ہیں۔ جس وقت حروف مذکور کی دعوت ادا کی موکلات حروف دریافت ہو گئے۔ اور روحانیت ان کی مکاشفہ و مشاہدہ میں آئی ان سے اٹھائیس اسماء الٰہی دریافت ہوئے اور ان 28 اسماء الٰہی سے 28 منازل قمر (جن کو ہندی میں نچھتر کہتے ہیں) دریافت ہوئیں۔

حروف سے فائدہ حاصل کرنے کا طریقہ:

۔ان 28 حروف کا عمل کشف باطن اور حصول مقاصد کا ذریعہ ہے۔ اگر تمام حروف کے صفات پر جدا جدا روشنی ڈالی جائے تو اسی پر ایک ضخیم کتاب مرتب ہو سکتی ہے۔ مگر یہاں تو ان کا ذکر صرف اس لئے کیا جا رہا ہے کہ جب ان مفرد حروفوں میں یہ تاثیرات پنہاں ہیں۔ تو ان حروف سے مرکب الفاظ اور بامعنی جملے جو آیات قرآنی اور اسمائے ربانی پر مشتمل ہیں۔ اگر ان کو خزانہ قدرت کی کنجی کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ ان حروف سے فائدہ حاصل کرنے کے کئی طریقے ہیں۔

حروف کے ذریعے علاج جسمانی: ۔یہ حروف بیماری کے علاج میں تیر بہدف ثابت ہوتے ہیں۔ آپ بھی فائدہ حاصل کریں اور دوسروں کو بھی فائدہ پہنچائیں۔

جسم انسانی چار عنصر سے مرکب ہے۔ آب و خاک، باد و آتش اور یہ اٹھائیس حروف ان چاروں عناصر پر حکمران ہیں۔ گویا تمام جسم ان 28 حروف کے تابع ہے۔

سیارگان	آتشی	بادی	آبی	خاکی	تفصیل
زحل	ا	ب	ج	د	ان چاروں حروف کی حکمرانی سر پر ہے۔
مشتری	ہ	و	ز	ح	ان چاروں حروف کی حکمرانی داہنے بازو پر ہے
مریخ	ط	ی	ک	ل	ان چاروں حروف کی حکمرانی بائیں بازو پر ہے
شمس	م	ن	س	ع	ان چاروں حروف کی حکمرانی پشت پر ہے
زہرہ	ف	ص	ق	ر	ان چاروں حروف کی حکمرانی شکم پر ہے
عطارد	ش	ت	ث	خ	ان چاروں حروف کی حکمرانی داہنی ران پر ہے
قمر	ذ	ض	ظ	غ	ان چاروں حروف کی حکمرانی بائیں ران پر ہے۔
تفصیل	صفرا آگ	خون ہوا	بلغم پانی	سودا مٹی	

امراض دفع سر

سر کے بالوں سے گردن تک سب امراض کیلئے مثلاً بالوں کا گرنا، بال خورا، گنج، کمزوری دماغ، بھولنا، کمزوری حافظہ، درد سر، درد کان، درد دانت، امراضِ چشم آواز کا بند ہونا، حلق میں درد ہونا۔ کل امراض کے لئے یہ نقش ساعت زحل میں لکھ کر سر میں باندھنے کو دیں۔ دماغی امراض خصوصاً پاگل پن کیلئے ہر روز یہی نقش پلیٹ میں لکھ کر دھو کر پلائیں۔

اجب یا اسرافیل بحق الف

ا	ب	ج	د
د	ج	ب	ا
ب	ا	د	ج
ج	د	ا	ب

اجب یا تکفائیل بحق حا — اجب یا رفتمائیل بحق داد

امراض پشت

درد کمر، پھیپھڑوں کی تکلیف، دمہ، دق اور سل، رقت، منی، احتلام وغیرہ کے امراض میں ساعت میں لکھ کر پشت پر کمر میں باندھیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائیں۔

اجب یا رومائیل بحق میم

م	ن	س	ع
ع	س	ن	م
ن	م	ع	س
س	ع	م	ن

اجب یا ہرمائیل بحق عین — اجب یا حولائیل بحق نون

امراض دست راست

داہنے ہاتھ کے ناخن سے لے کر نصف سینے شانے تک کسی قسم کا درد تکلیف داہنے طرف کا، فالج وغیرہ کے لئے ساعت مشتری میں لکھ کر بازو پر باندھنے کو دیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

اجب یا دوریائیل بحق ھا

ہ	و	ز	ح
ح	ز	و	ہ
و	ہ	ح	ز
ز	ح	ہ	و

اجب یا تکفیل بحق حا — اجب یا رفتمائیل بحق داد

امراض دست چپ

نصف شانے سینے سے الٹے ہاتھ کی انگلی تک ہر مرض ہر ہر تکلیف بائیں طرف کے فالج شانے کا درد، جوڑوں کے درد، دل کے امراض، گھبراہٹ، (ہارٹ اٹیک) یعنی بدل کی تمام بیماریوں میں مریخ کی ساعت میں لکھ کر الٹے بازو پر باندھنے کو دیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

اجب یا اسمائیل بحق طا

ط	ی	ق	ل
ل	ق	ی	ط
ی	ط	ل	ق
ق	ل	ط	ی

اجب یا سرکتائیل بحق یا — اجب یا ہرمائیل بحق یم

اسم اعظم مع لکی نگینہ

اگر کوئی بھی شخص اپنے اسم کا درست ورد کرلے تو ایسا شخص بادشاہوں والی زندگی گزارتا ہے اور اگر کسی شخص کو اس کے نام کا اسم اعظم اس کے لکی نگینے پر لکھا ہوا مل جائے تو ایسا شخص بادشاہوں سے بھی عالیشان زندگی گزارتا ہے۔

ادارہ روحانیات کی جانب سے آپکے لکی نگینے پر آپکا اسم اعظم کندہ کرنے کا خاص انتظام کیا گیا ہے۔ جو کہ خاص ورد کے بعد خاص اوقات میں کندہ کئے جاتے ہیں۔ اپنا لکی نگینہ مع اسم اعظم منگوانے کے لئے 2700 روپے کا ہدیہ ادارہ کے نام جاری کریں۔

مجرب حاضرات

تحریر
خضر عباس بیاسی
(راجن پور)

قارئین تحفہ روحانیات کی خدمت میں چند ماہ بعد دوبارہ حاضرات کے سلسلہ کے ساتھ حاضر ہوا ہوں اس اُمید کے ساتھ کہ قارئین پہلے کی طرح میری حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔ قارئین کو ایک بات کی وضاحت کرتا چلوں کہ میں نے آج تک جتنی بھی حاضرات رسالہ تحفہ روحانیات میں شائع کروائی ہیں تمام کی تمام مجرب ترین ہیں۔ کسی قسم کے شک کی گنجائش نہیں۔

سورۃ الغاشیہ کے موکل کی حاضری

موکل ''شغحائیل'' کی حاضری کیلئے عروج ماہ میں پیر کے دن سے روزانہ بعد نماز تہجد اپنے نام کے اعداد کے مطابق سورت پڑھیں ہر مرتبہ سورت 7 مرتبہ عمل حاضرات پڑھیں انشااللہ تعالیٰ بہت جلد موکل ہذا کی حاضری ہوگی۔ ڈرنے کی ضرورت نہیں آپکو کچھ نہیں کہے گا یہ موکل ان لوگوں کو نقصان پہنچاتا ہے جن کے دلوں میں کھوٹ ہو بعد چلہ حاضرات کریں۔ ان شااللہ حاضرات کا نزول ہوگا حاضری ہونے پر شرائط طے کریں اور ہمیشہ اس کی پابندی کریں۔



عمل حاضرات: ۔ عزمت علیکم بحرمت بحق یا شعمائیل حاضر کرو حاضرات بحق سورت بحق سلیمان بن داود علیہ السلام الوحا(۳بار) العجل(۳بار) الساعتہ(۳بار)

یہ موکل صرف وہی حضرات کر سکتے ہیں جو طلب صبر اور محنت سے کام لیں اگر دوسرے افراد سے حاضر کرنا چاہیں گے تو انہیں بہت مشکل پیش آئیگی۔

سورۃ القدر کے موکل کی حاضری

موکل ''بلغائیل'' کی حاضری کیلئے عروج ماہ میں پیر کے دن سے روزانہ بعد نماز تہجد اپنے نام کے اعداد کے مطابق سورت پڑھیں۔ ہر مرتبہ سورت 7 مرتبہ عمل حاضرات پڑھیں انشااللہ تعالیٰ بہت جلد موکل ہذا کی حاضری ہوگی۔ ڈرنے کی ضرورت نہیں آپکو کچھ نہیں کہے گا یہ موکل ان لوگوں کو نقصان پہنچاتا ہے جن کے دلوں میں کھوٹ ہو بعد چلہ حاضرات کریں۔ ان شااللہ حاضرات کا نزول ہوگا حاضری ہونے پر شرائط طے کریں اور ہمیشہ اس کی پابندی کریں۔ صبر اور محنت کا دامن ہرگز نہ چھوڑیں۔



عمل حاضرات: ۔ عزمت علیکم بحرمت بحق یا بلغائیل حاضر کرو حاضرات بحق سورت القدر بحق سلیمان بن داود علیہ السلام الوحا(۳بار) العجل(۳بار) الساعتہ(۳بار)

لوح نادعلیؑ

خاص ایام میں تیار کردہ

لوح نادعلیؑ کے فضائل' برکات' تجلیات' کرشمات' انوارات سے کون محض واقف نہیں دعائے نادعلیؑ کا ورد خاص اس لوح کی تاثیر میں مزید اضافہ کر دیتا ہے۔ لوح نادعلیؑ کی برکت سے زندگی میں وہ سکون اور وحانیت میسر آتی ہے جس کے حصول کے خاطر انسان لاکھوں کروڑوں بھی خرچ دے تو نہ ملے۔ لوح نادعلیؑ قدرت کا ایسا انعام ہے جس کو لفظوں میں بیان نہیں کیا جاسکتا۔

2700 روپے

نایاب الرّمل

قسط نمبر 15

تحریر
رمال ملک اویس جعفری
(ہارون آباد)

قارئین تحفہ روحانیات! جن حضرات نے میری پچھلی قسط کی پسندیدگی کا اظہار کیا میں اُن تمام قارئین کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اُمید کرتا ہوں کہ آئندہ بھی اسی طرح میری حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔

سوال: ۔سائل نے سوال کیا کہ میرا کوئی بھی کام کرنے کو دل نہیں کرتا۔گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا اور بے سکونی رہتی ہے۔کیا وجہ ہے؟

جواب: ۔جواب کیلئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا قواعد بالا کے تحت اس کا حل پیش خدمت ہے۔



دیکھو زائچہ بند ہے۔بیان کیا کہ سائل کسی زبردست آسیبی اثرات کی وجہ سے بندش کا شکار ہے۔سائل کا طالع سخت نحوست میں گھرا ہوا ہے۔ہر وقت پریشان اور سرگرداں رہتا ہے اور ارادہ خودکشی کا کرتا ہے۔سر اور کندھوں پر اتنا وزن رہتا ہے کہ چل پھر بھی نہیں سکتا۔کبھی کبھی تین لوگ ڈراؤنی شکل میں نظر آتے ہیں۔جو کہ سائل کے گھر کے بائیں طرف رہتے ہیں۔گھر کے دائیں جانب قبرستان ہے۔گھر میں بہن بھائیوں اور بیوی سے جھگڑا رہتا ہے۔

سائل کے بہن بھائیوں کا طالع میں سخت نحوست بھی ہے اور وہ بھی بندش کا شکار ہیں۔

یہ ان دلائل سے کیا گیا۔دیکھو طالع میں شکل حمرہ ☲ ہے جو کہ جنات خودکش وغیرہ سے منسوب ہے۔سائل کے خانہ نہم میں شکل اجتماع آتی ہے جو کہ اثرات/حاضرات سے منسوب ہے۔زائچہ میں شکل حمرہ ☲ کا تکرار تین مرتبہ ہے۔یہ جنات کی تعداد ہے۔خانہ سوئم بہن بھائی نقل وحرکت اور سائل کے گھر بائیں جانب سمت شمال اور خانہ پنجم سائل کے گھر سے دائیں جانب کا علاقہ سمت جنوب سے منسوب ہے۔شکل انگیس کا تعلق قبرستان سے ہے۔سائل کے اوپر جو جناب مسلط ہیں۔ان کی سائل پر حاضرات بھی ہوسکتی ہے۔ایک اور سائل کا زائچہ ملاحظہ فرمائیں:



قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔دیکھو زائچہ بند ہے۔حکم اس کا یہ ہے کہ سائل آسیبی اثرات کی وجہ سے بندش کا شکار ہے۔اپنے گھر میں سکون نہیں ہے اور بوجہ تنگ دستی ارادہ سفر کا کرتا ہے لیکن دوسری جگہ پر بھی جا کر اس کا دل نہیں لگتا۔روزگار بند ہے۔گھر میں جنات کے اثرات ہیں جس کی وجہ سے بندش ہے۔بیوی بدچلن ہے اور کسی غیر مرد سے تعلق رکھتی ہے۔سائل اگر کوئی عمل یا وظیفہ پڑھے گا تو اس کو یقیناً کامیابی ملے گی اور سائل پر حاضرات بھی ہوسکتی ہے۔

زائچہ پڑھنے کا طریقہ

میزان میں شکل جماعت ☰ آئی ہے۔جو کہ بندش سے منسوب ہے۔اشکال اوّل دوم سوم ☶، ☵، ☳ خارج ہیں۔ان کا تعلق نقل و حرکت سے خانہ ششم کا تعلق نوکری روزگار سے ہے۔شکل اجتماع ☷ آتی ہے۔اس کا تعلق بندش، اثرات جادو سحر سے ہے۔خانہ ہفتم سائل کی بیوی کا خانہ ہے۔شکل عقلہ ستارہ زحل کی ہے جو کہ بدکرداری سے منسوب ہے۔خانہ گیارہ میں تکرار اس بات کی دلیل ہے کہ سائل کی بیوی کسی غیر مرد سے

تعلق رکھتی ہے۔ خانہ نہم کا تعلق حاضرات سے ہے۔ شکل اجتماع کا آنا اس بات کی قوی دلیل ہے کہ سائل پر حاضرات ہو سکتی ہے۔ امید ہے کہ اب قارئین کے لئے زائچہ پڑھنا آسان ہو جائے گا۔

سوال:۔ ایک سائلہ نے سوال کیا کہ میرے ڈر خوف کی کیا وجہ ہے؟ قرعہ سائلہ کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جو زائچہ بنا۔ اس کا حل پیش خدمت ہے۔



دیکھو طالع میں شکل اجتماع ⁝ آئی ہے جس کا تعلق اثرات سے ہے۔ خانہ ہشتم کا تعلق ڈر خوف سے ہے۔ اس میں شکل حمرہ ☰ ہے جو کہ جنات سے منسوب ہے۔ اب ملا جلا کر زائچہ اس طرح پڑھیں گے کہ سائلہ کے اوپر جنات کے اثرات ہیں۔ یا سائلہ آسیبی مریضہ ہے۔ جس کی وجہ سے اس کو ڈر خوف لگتا ہے۔

نکتہ: اگر سائلہ کے خانہ نہم میں شکل حمرہ آتی۔ یا شکل طالع کا تکرار خانہ نہم میں ہوتا تو پھر زائچہ اس طرح پڑھتے کہ سائل پر جنات مسلط ہیں اور سائلہ کے کندھے وزنی رہتے ہیں اور اس کو ڈر خوف بھی آتا ہے۔ سائلہ پر ان مسلط شدہ جنات کی حاضرات بھی ہو سکتی ہے وغیرہ۔

سوال:۔ سائل نے سوال کیا۔ کیا میرا گھر آسیب زدہ ہے؟ اس سوال کے جواب کے لئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا۔



دیکھو خانہ چہارم جو کہ سائل کا گھر ہے، شکل حمرہ آئی ہے جو کہ جنات سے منسوب ہے۔ بیان کیا کہ سائل جس گھر میں رہتا ہے۔ وہ گھر آسیبی ہے اور آپ کے گھر کے دائیں جانب قبرستان ہے اور بائیں طرف سارا آسیبی علاقہ ہے۔ میرے دوستو ہر بار آپ کو بہت غور کرنا ہوگا۔

سوال:۔ سائل نے سوال کیا۔ میرا کاروبار بند ہے اس کی کیا وجہ ہے؟ اس سوال کا جواب دینے کے لئے قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ اس سوال کے تحت جو زائچہ مرتب ہوا۔ قواعد بالا کے تحت اس کا حل پیش خدمت ہے۔ توجہ کریں۔



دیکھو زائچہ بند ہے۔ حکم اس کا یہ ہے کہ سائل آسیبی اثرات کی وجہ سے بندش کا شکار ہے۔ خانہ چہارم میں شکل جماعت ہے۔ تکرار اس شکل کا خانہ ششم میں ہے۔ جو کہ روزگار کا خانہ ہے۔ اس میں شکل جماعت ہے جس کا تعلق بندش سے ہے۔ بیان کیا کہ سائل کا کاروبار آسیبی اثرات کے پیش نظر بند ہے۔ اس زائچہ میں دیکھو۔ خانہ دوازدہم میں شکل اجتماع ⁝ آئی ہے۔ حکم اس کا یہ ہے کہ سائل کی بیوی پر آسیبی اثرات ہیں۔

اب سائل کی بیوی کا زائچہ ملاحظہ فرمائیں:



دیکھو طالع میں شکل حمزہ ☰ ہے۔ حکم اس کا یہ ہے کہ سائلہ پر جنات

کے اثرات ہیں۔ خانہ نہم میں شکل طریق ⋮ ہے۔ جس کا تعلق حاضرات کے ساتھ ہے۔ سائلہ کے اوپر ان جنات کی حاضرات ہوسکتی ہے۔ خانہ دواز دہم میں شکل جماعت ☰ ہے۔ حکم اس کا یہ ہے کہ سائلہ کے خاوند پر آسیبی اثرات بیوی کی وجہ سے ہیں اور وہ بندش کا شکار ہے۔

قارئین ایک سائل اور اس کی بیوی کا زائچہ آپ نے ملاحظہ فرمایا۔ اب سائل نے سوال کیا کہ میرے کاروبار کی بندش کس نے کی ہے۔ یہ نہایت اہم اور مشکل سوال ہے اور تشخیص کا مرحلہ ہے۔ جب تک تشخیص درست نہ ہوگی۔ علاج کارگر نہ ہوگا۔ اس لئے رمال کو تشخیص کے معاملہ میں ماہر ہونا چاہئے۔ کیونکہ میں نے اکثر لوگوں کو دیکھا ہے کہ وہ ویسے ہی بتا دیتے ہیں۔ کہ جی آپ کے کسی دشمن یا حاسد نے آپ پر کالا علم کیا ہوا ہے۔ یا آپ کے خاندان میں ایک عورت ہے۔ اس نے کیا ہے۔ اس طرح خواہ مخواہ لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈال کر ان کو مزید پریشان کیا جاتا ہے اور پھر بعض خاندانوں میں اسی وجہ سے لڑائی جھگڑے جنم لیتے ہیں۔ جو کہ ایک دوسرے سے علیحدگی کا باعث بنتے رہیں۔

اب ہم نے یہ تشخیص کس طرح کی ہے۔ پہلی دلیل تو یہ ہے کہ سائل کا زائچہ بند ہے۔ بند زائچے کا حکم یہ ہے کہ سائل کسی آسیبی اثرات کے زیر اثر ہے اور اس کی وجہ سے اس کا کاروبار بند ہے۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ سائل کی بیوی کے خانہ ششم میں اجتماع ⋮ شکل آئی ہے۔ حکم اس کا یہ ہے کہ سائل کی بیوی پر اثرات ہیں اور یہ اثرات کس طرح کے ہیں۔ اس کے لئے سائل کی بیوی کا زائچہ دیکھیں طالع میں شکل حمرہ ☲ ہے۔ جس کا تعلق جنات سے ہے اور خانہ نہم میں شکل طریق ⋮ ہے جس کا تعلق حاضرات سے ہے۔ اب حکم اس طرح لگائیں گے کہ سائل کی بیوی پر جنات کے اثرات ہیں اور وہ اس کو نظر بھی آتے ہیں۔

اب دیکھیں سائلہ کے زائچے میں خاوند کے خانہ ششم میں شکل جماعت ☰ آئی ہے۔ جس کا تعلق بندش سے ہے۔ لہٰذا یہ بندش جنات کی طرف سے ہے جو کہ اس کی بیوی کے ساتھ ہیں۔

سائل نے سوال کیا۔ یہ بندش کیسے ختم ہوگی؟

قارئین کرام! اب ہمیں یہ بات تو پتہ چل گئی کہ یہ بندش جنات کی طرف سے ہے جو کہ سائل کی بیوی پر ہیں۔ لہٰذا سائل پر یہ بندش ہٹانے کے لئے اب ہمیں سائل کی بیوی پر جو جنات مسلط ہیں اسے ان سے نجات دلانا ہوگی۔ اس کے بعد سائل کی بندش خود بخود ہی ختم ہو جائے گی۔

نکتہ: دیکھو تشخیص کا مرحلہ کتنا مشکل ہوتا ہے۔ کسی سائل کے مسائل کی وجوہات معلوم کرنا اور پھر اس کا توڑ یقیناً بہت ہی مشکل کام ہے۔ اس سائل کا زائچہ دیکھیں اس میں یہ بات تو ہمیں آسانی سے معلوم ہوگئی کہ سائل آسیبی اثرات کی وجہ سے بندش کا شکار ہے۔ لیکن یہ بات معلوم کرنا کہ بندش کس نے لگائی۔ یا اس کا توڑ کیسے ہوگا اس میں اگر ہم سائل کی بیوی کے حالات نہ دیکھتے۔ یا اس کا زائچہ نہ لگاتے تو ہمیں کبھی بھی یہ بات پتہ نہ چلتی کہ سائل کی بیوی پر جنات مسلط ہیں اور انہوں نے بندش کی ہوئی ہے نہ ہی تو سائل کی بندش کے وجوہات معلوم ہوتے نہ ہی اس کا توڑ ہوتا، نتیجہ یہ نکلتا کہ سائل ساری عمر بندش کا شکار رہتا۔

نوٹ: آسیبی مریضوں کے جو زائچے پیش کئے جا رہے ہیں۔ یہ سب اصل ہیں۔ فرضی نہیں ہیں، درج بالا جو میاں بیوی کا زائچہ پیش کیا گیا۔ سائلہ کا نام ساجدہ اور سائل کا نام عبدالنعیم ہے۔ جن کا تعلق لاہور سے ہے۔

لوح مزمل خاص

حدیث مبارکہ ہے کہ جو شخص مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کا ورد کرے گا اس کی مصیبت کو دور کر دیا جائے گا۔

حدیث مبارکہ ہے کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اس کی غربت اور مفلسی کو دور کرے گا، جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوگی۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ! 170 لڑائیوں میں فتح اسی سورۃ مبارکہ کی بدولت حاصل کی۔ اس سورۃ کی بدولت آپ کرم اللہ وجہہ نے خیبر کے دروازے کو اکھاڑ پھینکا۔

حضرت بصری ؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ جو کوئی سورۃ مزمل پڑھنے پر ہدایت رکھتا ہوا سے جس قدر حاسد ظالم، جادوگر اور بدخواہ نقصان پہنچانا چاہتے ہیں تو وہ اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے سب مغلوب ہو جائیں گے۔

اس لوح کی برکت سے امراض سے نجات، مصیبت، پریشانی سے چھٹکارا، غربت و افلاس کا خاتمہ، مشکلات میں آسانی، دشمنوں پر غلبہ، حاسد ظلم، جادوگروں، خطرناک حملوں سے بچا رہے گا۔ اس کے علاوہ بے شمار فضائل و برکات اس سورۃ مبارکہ کی ہیں۔ لوح مزمل خاص کی برکت سے درج بالا تمام فیض آپ فوری طور پر حاصل کر سکتے ہیں۔

تمام الواح ماہر روحانیات وقت، خاص ورد کے بعد تیار فرماتے ہیں۔

ہدیہ / لوح 4200 روپے

ادارہ روحانیات

شیخ محمد حسین نیوز ایجنٹ، فوارہ چوک جھنگ صدر 0333-6752000

استخارہ برائے لکی نمبر

تحریر
گلزار احمد
(ملتان)

شعبہ روحانیات میں کامیابی کا دارو مدار تین باتوں پر ہے ایک مکمل توجہ دوسرا پرہیز گاری تیسرا صبر جب ان بات کو اپنے اندر نہ پیدا کرو روحانی دنیا میں کامیابی بہت مشکل ہو جاتی ہے استخارہ کی تین اقسام ہیں ایک ظاہری دوسری باطنی تیسری کشف القبور ظاہری سے مراد اپنے ہمزاد کی روحانی مہریں ہیں جس سے کسی گاڑی کا نمبر یا کسی زمین پر یا کہیں بھی لکھا ہوا دکھا دیا جائے یہ قسم استخارہ میں اس وقت سامنے آتی ہیں جب خود کو کاروبار میں الجھائیں اپنی توجہ صرف کاروبار پر رکھ لیں اور ساتھ لکی نمبر کیلئے استخارہ بھی کریں۔ دوسری قسم باطن کی ہے جس سے مراد چھپا ہوا یعنی خواب جس کوئی لکی نمبر کیلئے اشارہ دے دیا جاتا ہے۔ جس میں کوئی کام کوئی جگہ یا کوئی عمل دکھایا جاتا ہے اس سے نمبر اخذ کرنے کیلئے بہت محنت اور غور کی ضرور ہوتی ہے۔ اس کے بھی کئی طریقے ہیں جن میں دو مشہور ہیں ایک یہ کہ کسی جانور کے رنگ جیسے بھینس سے مراد 8 ہے۔ اونٹ سے مراد 8 جو طاقت کی نشانی ہے۔ کوئی پرندہ جس سے مراد 7 ہوتا ہے۔ دوسرا طریقہ یہ کہ جگہ وغیرہ لکھا دی جیسے نہر جس سے مراد 9 کیونکہ نہر کا پہلا حرف ن ہے جس سے 9 کا اشارہ بنتا ہے۔ یہ تمام سے نمبر اخذ کرنے کے لیے چاند کی منزل اور انسان کی روحانی قوت کے مطابق درست نمبر بنایا جاتا ہے۔ استخارے کی تیسری قسم کشف القبور ہے جس سے مراد کسی بھی قسم پر کھڑے ہو کر اپنے ہمزاد کی روحانی لہروں سے قبر یا کسی بھی انسان کے بارے احوال کا جاننا ہے۔ استخارہ کی یہ قسم بھی دو طریقے رکھتی ہے۔ ایک اپنی ذہن صلاحیتوں سے اندازہ لگانا جو کبھی درست اور کبھی غلط بھی ہو جاتا ہے۔ دوسرا طریقہ خواب کی حالت میں مکمل نمبر کا دیکھنا جیسے جہاز یا کسی گاڑی کا نمبر دیکھا جو خواب تھا یہ استخارہ کی سب سے پاور فل قسم ہے۔ قرآن مجید کی کسی بھی آیت جس کا ترجمہ کاروبار یا رزق یا فتح کے متعلق ہو اس آیت سے کام لینا یا اس آیت کے حروف سے موکل تیار کرنا جو درست عمل تیار کرنے کے برابر ہے یقیناً ظاہری باطنی سفلی یا علوی موکلات حاضر ہو کر ان کو واضح اشارہ یا نمبر دکھا دیتے ہیں یہ کشف القبور قسم استخارہ کی وہ قسم ہے کہ صرف دو یا تین دن تیں کامیابی مل جاتی ہے اگر قرآن مجید کی آیت سے استخارہ کریں گے تو کئی بار بھی کریں گے ہر بار کامیابی مل سکے گی اگر موکل کا نام تیار کر کے یہ استخارہ کریں گے یا اسم اعظم سے استخارہ کریں گے تو ہر بار کامیابی نہ ملے گی موکل کے نام سے استخارہ کرنا زندگی میں صرف ایک بار کامیابی ملے گی اور اگر اسم اعظم سے استخارہ کریں گے تو کم از کم ایک ماہ کا وقفہ لازمی رکھنا ہو ورنہ اسم اعظم کے سفلی موکلات یا جنات آپ کو پریشانی اور الجھنوں میں ڈال کر رجعت السحر کا مریض بنا دیں گے لہذا کوئی بھی استخارہ کریں مکمل سمجھداری سے یا کسی ماہر استخارہ سے مشہور ضرور کر لیں ایسا نہ ہو آپ کا نام آبی حروف سے شروع ہوتا ہے اور آپ آتشی اسم اعظم سے مدد لیں جس سے لکی نمبر جیسے حساس مقصد کیلئے استخارہ تو کھلے گا مگر یا نمبر غلط بنے گا یا پھر نمبر کی ترتیب غلط ہو گی۔ نوچندی بدھ کی رات مکمل توجہ سے یہ عمل کریں۔

استغفر الله یا الله یا فتاح یا لطیف بحق نصر من الله وفتح قریب روزانہ 313 بار اول آخر درود کی بجائے **استغفر الله ربی من کل ذنب واتوب علیه** 41 بار پڑھیں۔

اللہ کی رحمت عظیم سے 5 یا 7 دن میں ضرور کامیابی مل جائیگی تحفہ روحانیات میں میرے شائع ہونے والے تمام استخاروں سے کمزور روحانی قوت والے دوست بھی استفادہ حاصل کر سکتے ہیں۔

ہاتھ اپنے سینے پر رکھ کر اپنا نام 221 بار پورا پورا پڑھیں اور بغیر ہاتھ اٹھا سکیں بآواز اپنا نام لے کر کہیں مثلاً اے گلزار تجھے اس توبہ کی نماز کا واسطہ آئندہ قرعہ اندازی کا فرسٹ درجہ کا درست نمبر مجھ حالت خواب میں دکھا دے۔ یقیناً آپ کو آنے والی ڈرا کا نمبر واضح اور درست دکھا دیا جائیگا۔ 3 سے 7 دن میں ہر صورت کامیابی مل جائے گی۔ گھر اس عمل کے لئے ہر قسم کے گوشت لہسن، پیاز کا مکمل پرہیز کریں اور کم کھائیں کم سوئیں رات کو پڑھائی سے 4 گھنٹے قبل کھانا کھائیں۔ اس کے بعد پانی پینے کے سوا کچھ نہ کھائیں۔ محمدی بستر پر چپ چاپ سو جائیں سارا دن سید الاستغفار **استغفرا لله ربی من کل ذنب واتوب علیه** کا ورد کرتے ہیں اور شادی شدہ افراد حقوق زوجیت سے بھی دور رہیں کیونکہ اس سے دماغ کمزور ہوتا ہے جس سے دکھایا گیا نمبر بطور خواب آپ کا یاد نہیں رہے گا لہذا اسے خاص پرہیز کے طور پر یاد رکھیں اور دکھایا گیا نمبر لوگوں سے پوشیدہ رکھیں اور اپنی اصلاح کریں یہ نہ ہو انعام حاصل کرنے پر آپ غرور کرنے لگیں تاکہ روحانی قوتوں کا غلط استعمال کریں مکمل طور پر اپنی اصلاح کرنا ہی کامیابی کی اول دلیل ہے۔

گاجر سبزیوں کی افادیت

تحریر:۔عرفان ہاشمی (ایبٹ آباد)

قارئین تحفہ روحانیات! اس بار میں آپ کے لئے سردیوں کی عام سبزی کے فائدے بارے بتاؤنگا۔ یہ سبزیاں اتنی سستی ہیں کہ ہر عام آدمی بھی ان سے مکمل طور پر فائدہ حاصل کر سکے گا۔

گاجر(Carrot)

گاجر کا تعلق ان سبزیوں کے گروپ سے ہے جن کی جڑوں کو بطور غذا استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ ایسی سبزی ہے جو پوری دنیا میں مقبولیت کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہے۔ اس کے پتے بھی غذائیت سے بھرے ہوئے ہوتے ہیں۔ گاجر میں پروٹین معدنیات اور وٹامنز بہت زیادہ مقدار میں پائے جاتے ہیں۔ گاجر اپنی گوناگوں خوبیوں کی وجہ سے کسی طرح بھی کا ڈلیور آئل یا ریڈ پام آئل سے کم نہیں ہے۔ چونکہ کاڈلیور آئل اور ریڈ پام آئل اتنے مہنگے ہوتے ہیں کہ عام آدمی انہیں خرید کر استعمال نہیں کر سکتا۔ گاجر جس میں وٹامن اے بکثرت پایا جاتا ہے۔ غریب سے غریب لوگ بھی بآسانی خرید کر استعمال کر سکتے ہیں۔ دودھ میں بھی وٹامن اے کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔ لیکن یہ بھی ہر کسی کو میسر نہیں آتا۔ گاجر میں اتنا زیادہ کیروٹین نامی مادہ پایا جاتا ہے جو ہمارے جسم میں جا کر جگر کے ذریعہ وٹامن اے میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ شاید اسی مادے کی وجہ سے انگریزی میں گاجر کو کیرٹ کہا جاتا ہے۔ گاجر میں پائے جانے والے معدنی اور حیاتینی اجزاء میں اس کی بیرونی سطح کے قریب ہوتے ہیں۔ اسی لئے گاجر کو صرف دھو کر اور اچھی طرح صاف کر کے استعمال کر لیا جائے۔ اس کو چھیلنے سے معدنی اجزاء ضائع ہو جاتے ہیں۔ گاجر کا ابتداء وطن ایشیا خیال کیا جاتا ہے۔ آج کل اس کی کاشت پورے برصغیر، فلپائن، جنوبی امریکہ، ملائیشیا، جزائر کریبین کے علاوہ انڈونیشیا، وسطی مشرقی اور مغربی افریقہ میں کی جاتی ہے۔ گاجر کی فصل مقبوضہ کشمیر (سرینگر، جموں) یورپ، شمالی افریقہ اور بحر روم کے ساحلی علاقوں میں بھی خوب ہوتی ہے۔ گاجر کا رس، گاجر کی جڑ اور گاجر کے پتے تینوں اپنی اپنی خوبیوں کی وجہ سے غذا اور دوا کے طور پر استعمال ہوتے چلے آتے ہیں۔ گاجر کو پورا پورا فائدہ حاصل کرنے کے لئے اسے کچا استعمال کیا جائے تو بہتر ہے۔ غذا کے طور پر استعمال کرنے کے لئے اسے دھیمی آنچ پر تھوڑی دیر یک پکایا جائے اور اس کی بھاپ کو ضائع نہ ہونے دیا جائے تو اس میں پائے جانے والے وٹامن زیادہ ضائع نہیں ہوتے۔ اس کے پکانے کا بہترین طریقہ ہے کہ پکنے کے دوران گاجروں کو ہوا نہ لگنے دی جائے۔ اگر کھلے یا چوڑے منہ کے برتن میں گاجروں کو پکایا جائے تو ان کے وٹامن میں بالکل تیار ہو جاتے ہیں۔

غذائی اہمیت:۔غذائی اعتبار سے گاجر وٹامن اے کے حصول کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ اس میں ایک خاص قسم کا مادہ پایا جاتا ہے۔ جسے کیروٹین وٹامن اے کی ابتدائی مشکل ہے۔ یہ ایسا وٹامن ہے جو جسم میں جمع رہتا ہے۔ اس کے علاوہ گاجر میں سوڈیم، سلفر، کلورین اور آیوڈین بھی پائی جاتی ہے۔ گاجر میں پائے جانے والے یہ معدنی اجزاء گاجر کی بیرونی سطح کے قریب ہوتے ہیں۔ اسی لئے گاجر کو چھیلنا نہیں چاہئے۔ کیونکہ چھیلنے سے یہ معدنی اجزاء ضائع ہو جاتے ہیں۔ گاجر کے 100 گرام خوردنی حصہ میں رطوبت 86.0 فیصد، چکنائی 0.2 فیصد، کاربوہائیڈریٹس 10.6 فیصد، ریشے 1.2 فیصد، پروٹین 0.9 فیصد اور معدنی اجزاء 1.1 فیصد پائے جاتے ہیں۔ جبکہ گاجر 100 گرام میں پائے جانے والے معدنی اور حیاتینی اجزء کی تفصیل یہ ہے۔ فاسفورس 530 ملی گرام، آئرن 2.2 ملی گرام، کیلشیم 80 ملی گرام، وٹامن سی 3 ملی گرام اور کچھ مقدار وٹامن بی ہوتی ہے۔ 100 گرام گاجر وٹامن اے 2000 سے 4300 یونٹ تک ہوت ہیں۔

گاجر کے قدرتی فائدے اور شفابخش اجزاء:۔گاجر ایسی سبزی ہے جس میں کھاری اجزاء وافر مقدار میں پائے جاتے ہیں۔ یہ کھاری اجزاء خون کو صاف کرنے کے ساتھ ساتھ قوی بناتے ہیں گاجر استعمال کرنے سے پورے جسم کی نشوونما ہوتی ہے۔ گاجر جسم میں تیزابیت اور کھار کا توازن برقرار رکھنے میں معاونت کرتی ہے۔ گاجر کو جوس نہ صرف بچوں کے لئے مفید ہے بلکہ یہ جوس بڑوں کو بھی بہت فائدہ پہنچاتا ہے۔ گاجر جوس پینے سے آنکھوں کو توانائی ملتی ہے۔ بینائی تیز ہوتی ہے۔ گاجر کا جوس جسم کے خلیوں میں پائی جانے والی نسجوں کو صحت مند رکھنے کے ساتھ ساتھ جلد کو تازگی اور فرحت بخشتا ہے۔ حمل کے ابتدائی دنوں میں خواتین کو گاجر کا جوس استعمال نہیں کرنا چاہئے کیونکہ اس کے پینے سے پیشاب کی نالیوں کی دیواروں پر زہریلا پن پیدا ہو جاتا ہے جو اسقاط حمل کا سبب بھی بن سکتا ہے۔ نازک کمزور بچوں کو کھانا کھانے سے پہلے دس گرام گاجر کا جوس خالی معدہ پلا دیا جائے چند دنوں میں وہ تندرست اور طاقتور بن جاتے ہیں۔ اسی طرح ننھے منے بچوں کو صبح وشام گاجر کا جوس پانی ملا کر پلایا جائے تو ان کی صحت پر بہت اثر مرتب ہوتا ہے۔ جن بچوں کی کمزوری کی وجہ کا پتہ نہ چلتا ہو، انہیں 5 گرام گاجر جوس 5 گرام گرم پانی میں ملا کر روزانہ تین بار پلاتے رہنے سے ان کی صحت پر نمایاں اثر پڑتا ہے۔ بچوں کے ساتھ ساتھ ان ماؤں کو بھی گاجر کا جوس پلائیں اور گاجریں کھلائیں۔ چند دنوں میں دونوں کی صحت اچھی ہو جائے گی۔ گاجر کے جوس کی اتنی زیادہ خوبیاں ہیں کہ اسے کرشماتی مشروب کہا جاتا ہے۔ کھانا کھانے کے بعد ایک گاجر چبا چبا کر کھانے سے خوراک کے ذریعے منہ میں پہنچنے والے مضر جراثیم ہلاک ہو جاتے ہیں۔ گاجر کھانے سے دانتوں کی صفائی ہوتی ہے اور دانتوں کے خلاؤں میں اٹکے

ہوئے خوراک کے ذرات بھی نکل جاتے ہیں۔ دانت گرنا بند ہو جاتے ہیں۔ اگر مسوڑھوں سے خون رستا رہتا ہو تو وہ بھی رک جاتا ہے۔ گاجر چبا چبا کر کھاتے رہنے سے لعاب دہن زیادہ پیدا ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے عمل انہضام میں تیزی آجاتی ہے۔ معدے کو ضروری انزائمز معدنی اجزاء اور وٹامن حاصل ہوتے ہیں۔ گاجر ایسی غذا ہے کہ جس کا باقاعدہ استعمال کرنے سے معدے السر ختم ہو جاتا ہے۔ ہاضمے سے متعلق دیگر امراض جنم نہیں لیتے۔ اس کے علاوہ گاجر کا جوس انتڑیوں کے قولنج، بڑی آنت کی سوزش، اپنڈے، سائٹس، السر اور بدہضمی کا شافع علاج ہے۔ گاجر ہر قسمی طفیلیوں جراثیم، بیکٹیریا وغیرہ کی دشمن ہے۔ اس کے استعمال سے بچوں کے پیٹ کے کیڑے خارج ہو جاتے ہیں۔ صبح کے وقت ایک کپ کدوش کی ہوئی گاجر بچوں کو کھلانے سے پیٹ کے کیڑے بڑی سرعت کے ساتھ پاخانہ کے راستے نکل جاتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے کدوکش کی گاجروں کے ساتھ کوئی اور چیز شامل نہیں کرنی چاہئے۔ گاجر کے جوس کے ساتھ پالک کا جوس ملا کر پینے سے قبض کی شکایت رفع ہو جاتی ہے۔ اگر اس میں تھوڑا سا لیموں کا رس بھی شامل کر لیا جائے تو یہ سونے پر سہاگے کا کام کرتا ہے۔ پالک کے جوس کی یہ خوبی ہے کہ وہ انتڑیوں کو صاف کرتا ہے۔ یہ بات ذہن میں رکھیں کہ یہ مشتر کہ فوری اثر نہیں دکھاتا بلکہ دو ماہ تک متواتر استعمال کرتے رہنے سے انتڑیاں اجابت کا عمل باقاعدہ شروع کر دیتی ہیں۔ اس مقصد کے لئے مشروب تیار کرنے کے لئے 250 ملی لٹر گاجر کے جوس میں 50 ملی لٹر پالک کا جوس اور چند قطرے لیموں کا رس ملانا بہتر رہتا ہے۔ صبح کے وقت سات عدد مغز بادام کھا کر اوپر سے 100 ملی لٹر گاجر جوس 500 ملی لٹر دودھ ملا کر پینے سے دماغ کو تقویت حاصل ہوتی ہے۔ اعصابی کمزوری کی صورت میں 4 سے 6 گرام تک گاجر کا بیج کھانے سے اعصاب کی کمزوری ختم ہو جاتی ہے۔ گاجر کے پتوں کا رس درد شقیقہ کا بہترین علاج ہے۔ گاجر کے پتوں کو گرم کر کے پچلی کر رس نکالیں۔ اس رس کے چند قطرے مریض کے ناک اور کان میں ڈالیں۔ مریض کو فوراً چھینکیں آئیں گی اور درد شقیقہ کا نام و نشان مٹ جائے گا۔ گاجر مقوی قلب ہے۔ خفقان کی حالت میں چار چھ گاجروں کو بھون کا ان کا بیرونی چھلکا اتار دیں اور انہیں کاٹ کر اندرونی گٹھلی بھی نکال یں۔ چینی کے پلیٹ میں ڈال کر رات بھر باہر اوس (شبنم) میں رکھ دیں۔ صبح ان گاجروں میں تھوڑا سا عرق گلاب اور مصری ملا کر استعمال کرنے سے امراض قلب کی صورت میں بہت فائدہ پہنچتا ہے۔ گاجر کے استعمال سے جگر کا سدہ کھل جاتا ہے۔ سرکہ سے تیار کئے ہوئے گاجر کے اچار سے ورم طحال بھی تحلیل ہو جاتا ہے۔ بچی گاجر زرخیزی کے لئے بہترین غذا ہے۔ کبھی کبھی صرف گاجریں کھاتے رہنے سے بانجھ پن کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ کیونکہ بانجھ پن کی ایک وجہ سے مسلسل ایسا کھانا کھاتے رہنا ہے۔ جس کے انزائمز پکانے کے عمل میں ضائع ہو چکے ہوں نیز تلی ہوئی غذاؤں میں بھی انزائمز ختم ہو جاتے ہیں۔ گاجر کا جوس اسہال کا قدرتی علاج ہے۔ اس کے پینے سے پانی کی کمی دور ہو جاتی ہے۔ جسم میں پیدا شدہ نمکیات جیسے کیلشیم، سلفر، سوڈیم، اور پوٹاشیم کی کمی پوری ہو جاتی ہے۔ گاجر کا جوس پینے سے پیکٹین حاصل ہوتا ہے۔ جس سے آنتوں کی سوزش ختم ہو جاتی ہے۔ بیکٹیریا کی افزائش اور نشوونما رک جاتی ہے۔ قے رک جاتی ہے۔ بچوں کیلئے گاجر کا جوس بہت ہی فائدہ مند ہے۔ مشروب تیار کرنے کا طریقہ یہ ہے:۔ آدھا کلو گاجروں کو 150 ملی لیٹر پانی میں اتنا اُبالیں کہ گاجریں نرم ہو جائیں۔ تھوڑی دیر تک ٹھنڈا ہونے دیں، پھر پانی کو نتھار لیں۔ اس پانی میں آدھا چمچ نمک ملا لیں۔ اسہال کے مریضوں کو یہ مشروب آدھے گھنٹے بعد دیتے رہیں۔ 24 گھنٹے کے اندر اندر مریض میں بہتری کے آثار دکھائی دینے لگیں گے۔

گاجر کی کانجی

